E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
روزنامہ
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
شمال
ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | بدھ 08 محرم الحرام 1448ھ 24 جون 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 108

ایبٹ آباد ووِمن اینڈ چلڈرن ہسپتال سے نومولود بچہ اغواء

ورثاء سراپا احتجاج
دو نرسز ڈائی شامل تفتیش

محمد سراج کا 17 دن کا بیٹا حذیفہ جو ڈائریا کی شکایت پر ہسپتال کی نرسری میں داخل تھا کی ماں صبح ناشتے کے لئے نکلی اور دس تا بیس منٹ بعد جب واپس آئی تو بچہ نرسری میں موجود نہیں تھا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کی نرسری سے نومولود بچہ اغواء۔ورثاء سراپا احتجاج ۔گزشتہ روز صبح کے وقت ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال سے ضلع بٹگرام کی تحصیل الائی کے رہائشی جو اس وقت ایبٹ آباد جھنگی میں رہائش پذیر ہیں محمد سراج کا 17 دن کا بیٹا حذیفہ جوڈائریا کی شکایت پر ہسپتال کی نرسری میں داخل تھا کی ماں صبح ناشتے کے لئے نکلی اور دس تا بیس منٹ بعد جب واپس آئی تو بچہ نرسری میں موجود نہیں تھا بچے کی تلاش بسیار اور پوچھ گچھ کی گئی لیکن کوئی پتہ نہ چل سکا جس پر لواحقین سراپا احتجاج اور ہسپتال عملہ متحرک ہوگیا۔ہسپتال کے سی سی ٹی وی کیمرہ کو دیکھا گیا تو مشتبہ خاتون سفید چادر اوڑھے اور منہ پر ماسک لگائے بچے کو لے جاتی ہوئی نظر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

ایبٹ آباد ' ڈی ایچ کیو سے اغواء ہونیوالا نومولود بچہ

ڈی ایس پی حویلیاں کا چمہڑ چوکی کا اچانک دورہ

حویلیاں (نمائندہ شمال) ڈی، ایس پی حویلیاں سراج خان کا چوکی چمہڑ کا اچانک دورہ ڈی ایس پی حویلیاں سراج خان نے چوکی چمہڑ کا اچانک دورہ کرتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

ایوان تجارت حویلیاں کے نمائندوں کی نوتعینات اے سی ملاقات

ٹریفک مسائل، غیر قانونی تجاوزات جیسے مسائل زیر امور آئے جن پر یقین دہانی بھی ہوئی

حویلیاں (نمائندہ شمال) ایوان تجارت حویلیاں کے نمائندوں کا نو تعینات اسسٹنٹ کمشنر II حویلیاں اسامہ خان سے صدر ایوان تجارت ہزارہ ڈویژن خورشید اعظم خان کی قیادت میں ملاقات حویلیاں ایوان تجارت کا اسسٹنٹ کمشنر حویلیاں اسامہ خان کو اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کی ہدایات پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

سرن ویلی میں جوان نسلوں کو نشہ کی لت لگا کر تباہ کیا جا رہا ہے

سرن ویلی (نمائندہ خصوصی) پنجول سرن ویلی جبڑ پنجول منڈہ گچھہ میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

حویلیاں، اہل سنت والجماعت کا دس محرم کا احتجاج مؤخر

دس محرم الحرام کا احتجاج اور گیارہ محرم کا حویلیاں شہر میں جلسہ ملتوی کر دیا گیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) ایس پی حویلیاں جمیل الرحمٰن قریشی کی اہلسنت والجماعت تحصیل حویلیاں کے ذمہ داران سیسا تھ اہم ملاقات اہلسنت کے مطالبات کے پر عملدرآمد اور شرپسند عناصر کے خلاف ایکشن کی مکمل یقین دہانی پر اہلسنت والجماعت تحصیل حویلیاں نے آئندہ جمعہ دس محرم الحرام کا احتجاج اور گیارہ محرم کا حویلیاں شہر میں جلسہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

آج جی ٹی روڈ سرائے صالح پر ٹریفک معطل رہے گی

ہری پور (چیف رپورٹر) محرم الحرام کے جلوس کے سلسلے میں 8 محرم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

بابائے صحافت نیاز پاشا جدون کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، محمد نواز ڈار

بابائے صحافت مرحوم نے اپنی پوری زندگی سچی، بے باک اور اصولی صحافت کے فروغ کے لیے وقف کیے رکھی، محمد نواز ڈار رہنماء جماعت اسلامی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) بابائے صحافت نیاز پاشا جدون کی صحافتی خدمات ناقابل فراموش ہیں، محمد نواز ڈار، جماعت اسلامی ضلع مانسہرہ کے سینئر رہنما محمد نواز ڈار نے کہا ہے کہ بابائے صحافت مرحوم نیاز پاشا جدون نے اپنی پوری زندگی سچی، بے باک اور اصولی صحافت کے فروغ کے لیے وقف کیے رکھی اانہوں نے ہمیشہ عوامی مسائل کو ترجیح دی اور کسی بھی قسم کے دبا یا لالچ کو خاطر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

کنگ عبداللہ ہسپتال میں فرنٹیئر میڈیکل کالج سے ملنے والے 2 کروڑ کے فنڈز میں خرد برد

کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ کو فرنٹیئر میڈیکل کالج ایبٹ آباد کی جانب سے سالانہ ایک کروڑ اسی لاکھ روپئے کے کیپی ٹیشن فنڈز کو مبینہ طور پر سیاسی چھتری تلے پلنے والا کرپٹ مافیا گزشتہ کی سالوں سے ہضم کر رہا ہے

مانسہرہ (نمائندگان شمال) کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ کو فرنٹیئر میڈیکل کالج ایبٹ آباد کی جانب سے سالانہ ایک کروڑ اسی لاکھ روپئے کے کیپی ٹیشن فنڈز کو مبینہ طور پر سیاسی چھتری تلے پلنے والا کرپٹ مافیا گزشتہ کی سالوں سے ہضم کر رہا ہے۔ہسپتال کے اندرونی زرائع کے مطابق بدعنوانی و بندر بانٹ کا یہ سلسلہ پچھلے کئی سالوں سے سے جاری ہے۔کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال کی ہیلتھ مینجمنٹ کمیٹی کو فرنٹیئر میڈیکل کالج ایبٹ آباد کی طرف سے الحاق کی مد میں ملنے والے فنڈز کو باقاعدہ قوائد وضوابط اور منظوری کے بعد خرچ کرنے کی مجاز ہے مگر مبینہ طور پر ان فنڈز کی بندر بانٹ سے نہ صرف ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کیجانے والی علاج و معالجے کی سہولیات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

حکومت پٹرول کی طرح اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو بھی کم کرے

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) جس طرح حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی ہے اسی طرح اشیاء (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

مانسہرہ، سی این جی بحال، پٹرول سستا، مگر کرایوں میں کمی نہ آسکی

من پسند اور سابقہ بلند کرائے وصول کیے جا رہے ہیں، حکام بالا فوری نوٹس لیں، عوامی مطالبہ

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر +ڈسٹرکٹ نامہ نگار) سی این جی بحال، پٹرول سستا، مگر کرایوں میں کمی نہ آسکی، مسافروں کا استحصال جاری، تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی اور سی این جی اسٹیشنوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

ہری پور، ڈی ایچ او کا بی ایچ یوز کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

حاضری یقینی، ادویات کا مکمل اور درست ریکارڈ برقرار رکھا جائے، متعلقین کو ہدایت

ہری پور (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ہری پور ڈاکٹر محسن رضا ترابی نے بنیادی مراکز صحت بی ایچ یو پنیاں اور بی ایچ یو کوکلیاں پیرہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران ڈاکٹر محسن رضا ترابی نے دونوں مراکز صحت میں عملے کی حاضری، ادویات کے ذخیرے اور صفائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

کھلابٹ، شہریوں کا ضلعی انتظامیہ سے عوامی مسائل کے حل کا مطالبہ

دودھ اور دہی فروش اپنی مرضی کے نرخ وصول کر رہے ہیں، خریداروں کو پریشانی کا سامنا

کھلابٹ (نامہ نگار) شہریوں کا ضلعی انتظامیہ سے عوامی مسائل کے حل کا مطالبہ کھلابٹ ٹان شپ کے شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، بالخصوص ڈپٹی کمشنر ہری پور سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو درپیش روزمرہ مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ملک میں صوبوں کی تعداد بڑھا کر عوام کی محرومیوں کا ازالہ کیا جائے

بجنہ (نامہ نگار) ملک میں صوبوں کی تعداد بڑھا کر عوام کی محرومیوں کا ازالہ کیا جائے۔یہ بات سینیٹر رہنما مسلم لیگ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

سرائے صالح، ٹریفک پولیس نے شہریوں کی سہولت کے لئے پلان جاری کر دیا

شہری پریشانی سے بچنے کے لیے دیے گئے متبادل روٹس استعمال کریں، ٹریفک پولیس ہری پور

ہری پور (اسپیشل رپورٹر) سرائے صالح جلوس کے سلسلے میں ٹریفک پلان جاری، جی ٹی روڈ 11 بجے سے شام 4 بجے تک بند رہے گی ہری پور پولیس نے عوام الناس کو مطلع کیا ہے کہ 24 جون 2026 بروز بدھ 8 محرم الحرام کے جلوس کے سلسلے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

ایس ایچ او تھانہ مانگل کی مصالحتی کمیٹی ممبران سے ملاقات

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ایس ایچ او تھانہ مانگل تنویر خان کی سابقہ بلدیاتی نمائندوں مصالحتی کمیٹی کے ممبران (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

لورہ سماء کڑھگا کے مقام پر بھابھی کو زندہ جلانیوالا ملزم عدیل گرفتار

متاثرہ خاتون نے دوران علاج اپنا ویڈیو بیان بھی ریکارڈ کروایا جس میں اپنے دیور عدیل کو واقعہ کا ذمہ دار ٹھہرایا، شواہد کی روشنی میں ملزم گرفتار ہوا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) لورہ پولیس کی کارروائی۔ بھابھی کو زندہ جلانے والا ملزم گرفتار۔تفصیلات کے مطابق 19 جون کو تھانہ لورہ کی حدود سماء کڑھگا کے مقام پر عدیل نامی شخص نے اپنی 31 سالہ بھابھی پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی۔ واقعہ کے بعد متاثرہ خاتون کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئی۔ذرائع کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

لورہ ' بھابھی کو زندہ جلانیوالا ملزم عدیل پولیس حراست میں

محرم الحرام شہدائے کربلا کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، اشتیاق احمد

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ایس ایس پی ٹریفک ایبٹ آباد محمد اشتیاق احمد نے پختونخوا ریڈیو ایبٹ آباد کے محرم الحرام سے متعلق خصوصی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقاء کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، جنہوں نے حق، انصاف اور اسلام کی سربلندی کے لیے ظلم و جبر کے سامنے سر نہیں جھکایا۔انہوں نے کہا کہ ضلع ایبٹ آباد میں محرم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

بکوٹ بدفعلی کے بعد قتل کیے جانیوالے بچے حاشر تاج کا قاتل گرفتار

تفتیش کے دوران بچے سے حاصل کردہ معلومات کی روشنی میں ملزم محمد نعمان ولد طاہر سکنہ پھلگراں حال راولپنڈی کو نامزد کیا گیا، ملزم ٹھکانے بدلتا رہا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) پھلگراں میں بچے کو زیادتی کے بعد قتل کر نیوالا ملزم گرفتار۔جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے۔گزشتہ روز ایس پی حویلیاں جمیل الرحمان قریشی، ایس پی شعبہ تفتیش ایاز خان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ تھانہ بکوٹ کی حدود پھلگراں میں 4 مئی کو کمسن بچہ حاشر تاج غیر آباد قبرستان میں تشویشناک حالت میں پایا گیا۔ابتدائی شواہد کے مطابق بچے کے ساتھ بدفعلی کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

بکوٹ' بچے سے زیادتی کے بعد قتل کرنے کے الزام میں گرفتار ملزم پولیس حراست میں

زائد کرایہ کی وصولی کسی صورت قبول نہیں، جہانزیب خان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) زائد کرایہ کی وصولی کسی صورت قبول نہیں پٹرول ڈیزل مہنگا ہونے سے قبل کا کرایہ ہی وصول کیا جائے خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی، ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان تنولی نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد عوام کو کرایوں کی مد میں ریلیف فراہم کرنے کے لئے مانسہرہ ٹریفک پولیس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

بفہ، چائے کی کاشت 1980 سے شروع ہے، پاکستان ٹی بورڈ کب بنے گا

پاکستان ٹی بورڈ کاغذات میں دب کر رہ گیا، اب صرف اس بورڈ کی تشکیل نو کرنی ہے

بفہ (نظیر خان دودال) پاکستان ٹی بورڈ کب بنے گا پاکستان میں چائے کی کاشت 1980 سے باقاعدہ شروع ہے لیکن اب تک ٹی بورڈ کی تشکیل نو نہیں ہوسکی۔یاد رہے کہ پاکستان ٹی بورڈ تو قیام پاکستان کے وقت ہی سے بن گیا تھا لیکن بنگلہ دیش بن جانے کے بعد وہاں بنگلہ دیش ٹی بورڈ ہوگیا اور پاکستان ٹی بورڈ کاغذات میں دب کر رہ گیا، اب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

10,9 محرم، سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر جامع سکیورٹی پلان تیار

سیکورٹی حکام کے مطابق کچھ علاقوں میں موبائل فون سروس مکمل طور پر بند ہوگی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) خیبر پختونخوا حکومت نے یوم عاشورہ) نویں اور دسویں محرم الحرام (کے موقع پر صوبے بھر میں سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر جامع سکیورٹی پلان تیار کر لیا ہے۔اس پلان کے تحت موبائل فون جزوی معطلی کی منصوبہ بندی کی گئی حساس علاقوں کی صورتحال سکیورٹی حکام کے مطابق کچھ علاقوں میں موبائل فون سروس مکمل طور پر بند (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

شنکیاری ٹی ایم اے کا آپریشن عارضی و مستقل تجاوزات مسمار

وسیم خان نے ٹی ایم اے عملے کے ہمراہ آپریشن کرتے ہوئے متعدد تجاوزات کو ہٹا کر عوامی راستوں اور سرکاری املاک کو واگزار کروایا

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کے احکامات اور ٹی ایم او بفہ پھلڑہ جناب مظہر مظفر اور ٹی او آر بفہ اعزاز سلیم کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے انکروچمنٹ انسپکٹر وسیم خان نے ویلج سیکرٹری لاچھنگ اور ٹی ایم اے عملے کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف خصوصی آپریشن کیا۔ اس دوران علاقے میں قائم عارضی اور مستقل تجاوزات کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اور متعدد تجاوزات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

کانگڑہ، قاری سید علی کی والدہ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

ہری پور (اسپیشل رپورٹر) کانگڑہ کالونی میں قاری سید علی کی والدہ محترمہ اور قاری نور حسین تنولی صاحب کی چچی صاحبہ کی نماز جنازہ آج صبح 6 بجے ادا کر دی گئی، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

SP سٹی کا امام بارگاہ مفتی آباد کا دورہ، سیکورٹی انتظامات کا جائزہ

CCTV کیمروں کا جائزہ، ڈیوٹی پر موجود افسران وعملہ کو ضروری ہدایت جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ محرم الحرام سیکورٹی انتظامات سخت، SP سٹی کا امام بارگاہ مفتی آباد کا دورہ، سیکورٹی انتظامات واک تھرو گیٹس اور CCTV کیمروں کا جائزہ، ڈیوٹی پر موجود افسران وعملہ کو ضروری ہدایت جاری، جلوس کے روٹ بارے معلومات لیں، تفصیلات کیمطابق DPO مانسہرہ محمد اظہر خان کے احکامات کے روشنی میں SP سٹی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

ہری پور، منہاج القرآن کے تنظیمی اجلاس کا اعلامیہ جاری

کھلابٹ (نامہ نگار) تحریک منہاج القرآن ضلع ہری پور کے ضلعی رہنما حامد رضا قریشی نے کہا ہے کہ تحریک منہاج القرآن ضلع ہری پور کے زیر اہتمام ایک اہم تنظیمی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

اشتیاق خان تنولی کی والدہ محترمہ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

نماز جنازہ میں سیاسی و دینی جماعتوں کے قائدین، وکلاء، صحافیوں اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر +ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ پریس کلب کے سینئر ممبر اور صدر مانسہرہ یونین آف جرنلسٹس (رجسٹرڈ) اشتیاق خان تنولی کی والدہ محترمہ کی نماز جنازہ گزشتہ شب ادا کر دی گئی۔نماز جنازہ میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین و کارکنان، وکلا برادری، صحافی برادری، سماجی شخصیات اور زندگی کے مختلف شعبوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

فدا ماما پلازہ بٹل روڈ اوگی تنولی بیڈ شیٹ اینڈ یوزمیٹرس کی افتتاحی تقریب کے بعد دعا کی جارہی ہے



پھلڑہ ایڈوکیٹ رئیسہ خان کا پی پی پی کے صوبائی صدر محمد علی شاہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

ثناء فاطمہ کا غازی کوٹ کا دورہ، انتظامی امور کا جائزہ

جلوسوں، ٹریفک مینجمنٹ، لائٹنگ، ہنگامی راستوں اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر +ڈسٹرکٹ نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مانسہرہ ثنا فاطمہ نے ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر I-اور ریونیو فیلڈ اسٹاف کے ہمراہ غازی کوٹ کا دورہ کیا، جہاں 7 محرم الحرام کے جلوسوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

دنیا بھر میں بلدیاتی انتخابات کو جمہوریت کی بنیاد سمجھا جاتا ہے

عوامی مسائل کو قریب سے سمجھا جاتا ہے اور خدمت کا حقیقی جذبہ جنم لیتا ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) دنیا بھر میں بلدیاتی انتخابات کو جمہوریت کی بنیاد سمجھا جاتا ہے۔یہی وہ نرسری ہوتی ہے جہاں قیادت پروان چڑھتی ہے، عوامی مسائل کو قریب سے سمجھا جاتا ہے اور خدمت کا حقیقی جذبہ جنم لیتا ہے۔مگر افسوس کہ پاکستان میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

ڈرائیورز کیلئے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر مقدمات کا اعلان

ٹریفک پولیس مانسہرہ نے جیپ ڈرائیورز کے لیے سخت ضابطہ اخلاق جاری کر دیا

بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) ناران میں سیاحوں کی حفاظت اور ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ٹریفک پولیس مانسہرہ نے جیپ ڈرائیورز کے لیے سخت ضابطہ اخلاق جاری کر دیا ہے۔ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کی خصوصی ہدایت پر انسپکٹر ٹریفک انس خان کی نگرانی میں منعقدہ اجلاس میں ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین کی سختی سے پابندی کرنے کی ہدایت کی گئی۔ٹریفک پولیس نے واضح کیا ہے کہ ناران بازار میں جیپوں کے داخلے اور پارکنگ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

ہر پیو ایل پی جی کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ شہری پریشان

ایل پی جی کی قیمت 308 روپے فی کلو مقرر ہونے کے باوجود شہر بھر میں یہ 480 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے

ہری پور (گل جان خان سے) ایل پی جی کی قیمتوں میں مسلسل خود ساختہ اضافے نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، سرکاری طور پر ایل پی جی کی قیمت 308 روپے فی کلو مقرر ہونے کے باوجود شہر بھر میں یہ 480 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے، جس سے سرکاری نرخ نامہ غیر مؤثر دکھائی دیتا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اوپن مارکیٹ میں قیمتیں روز بروز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کا ڈسٹرکٹ ڈیلیوری سنٹر کا دورہ

شہریوں کو فراہم کی جانے والی مختلف ریونیو سروسز کا تفصیلی جائزہ لیا

ایبٹ آباد (شمال نیوز) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم نے ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری 0.2 کے تحت ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری سینٹر ایبٹ آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کو فراہم کی جانے والی مختلف ریونیو سروسز کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے انفارمیشن ڈیسک، انتقالات کاؤنٹرز، رجسٹری کاؤنٹرز، فردات کے اجرا، ریکارڈ کی درستگی اور دیگر ریونیو خدمات کی فراہمی کے نظام کا معائنہ کیا۔انہوں نے سروسز کے معیار (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

ایران کیساتھ تجارت کا فائدہ عوام کو ملے گا

ہری پور (اسپیشل رپورٹر) وزیر مملکت بیرسٹر عقیل نے کہا ہے کہ ایران کیساتھ تجارت کا فائدہ عوام کو ملے گا، تیل اور گیس کی قیمتیں کم ہوں گی۔ تفصیلات کے مطابق بیرسٹر عقیل کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

کینٹ بورڈ میں آگ سے بچاؤ /ہنگامی اقدامات پر تربیتی سیشن کا انعقاد

ریسکیو 1122 کے تعاون سے فائر سیفٹی اور ایمرجنسی رسپانس کے موضوع پر ایک جامع تربیتی و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) کینٹ بورڈ میں آگ سے بچاؤ اور ہنگامی ردعمل سے متعلق تربیتی سیشن کا انعقاد۔گزشتہ روز سی ای او کینٹ بورڈ عمر معصوم وزیر کی ہدایات پر ریسکیو 1122 کے تعاون سے فائر سیفٹی اور ایمرجنسی رسپانس کے موضوع پر ایک جامع تربیتی و آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں تاجر برادری، تجارتی و کاروباری مراکز کے مالکان اور کینٹ بورڈ افسران و عملہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

کینٹ بورڈ میں آگ سے بچاؤ اور ہنگامی رد عمل سے متعلق تربیتی سیشن کا منظر

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر A-6 سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website: shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
0946-711788

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاٹنڈے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر: 021-2762266-2762241
E-mail: shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
03345008600

مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر: 0300-8111316

ہری پور بیورو
0315-5906226
جاوید عباسی
ایس پی آفس، سرکلر روڈ بالمقابل پالٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور

تناول بیورو چیف
0343-9555768
عبدالقدیر

بدھ 08 محرم الحرام 1448ھ 24 جون 2026ء 2083ب

مہینے کی لاکھوں روپے فیسیں وصول کرنے والے نجی اسکولوں میں پارکنگ کا انتظام نہیں

تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہوتی ہے، لیکن افسوس کہ ہمارے ملک میں بہت سے نجی تعلیمی ادارے والدین سے بھاری فیسیں وصول کرنے کے باوجود بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔ ان سہولیات میں ایک اہم مسئلہ پارکنگ کا ہے، جس نے شہری علاقوں میں والدین، طلبہ اور عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ بیشتر نجی اسکول تنگ گلیوں، رہائشی علاقوں یا مصروف شاہراہوں کے کنارے قائم ہیں، جہاں سینکڑوں طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔ صبح اسکول لگنے اور دوپہر چھٹی کے اوقات میں والدین کی گاڑیوں کا ہجوم لگ جاتا ہے، سڑکیں بند ہو جاتی ہیں، ٹریفک جام معمول بن جاتا ہے اور ایمبولینسوں سمیت دیگر گاڑیوں کی آمدورفت متاثر ہوتی ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ لاکھوں روپے ماہانہ فیسیں اور دیگر مدات میں بھاری رقوم وصول کرنے والے ادارے پارکنگ جیسی بنیادی ضرورت کے لیے مناسب جگہ مختص کرنے کو اپنی ذمہ داری نہیں سمجھتے۔ یہ صورتحال صرف والدین کے لیے پریشانی کا باعث نہیں بلکہ مقامی آبادی کے لیے بھی عذاب بن چکی ہے۔ کئی علاقوں میں رہائشیوں کو اپنے گھروں سے نکلنے اور واپس آنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بعض مقامات پر ٹریفک حادثات کے خطرات بھی بڑھ جاتے ہیں، کیونکہ بچوں کو سڑکوں پر اتر کر گاڑیوں میں سوار ہونا پڑتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب کسی نجی اسکول کو تعمیر اور رجسٹریشن کی اجازت دی جاتی ہے تو کیا پارکنگ، ٹریفک مینجمنٹ اور حفاظتی انتظامات کو نظرانداز کر دیا جاتا ہے؟ متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے تعلیمی اداروں کے خلاف کاروائی کریں جو شہری زندگی کو مفلوج کرنے کا سبب بن رہے ہیں۔ نئے اسکولوں کی منظوری پارکنگ اور ٹریفک پلان سے مشروط ہونی چاہیے جبکہ موجودہ اداروں کو بھی مناسب انتظامات کا پابند بنایا جائے۔ تعلیم کے نام پر کاروبار کرنے والے اداروں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ صرف جدید عمارتیں، ایئر کنڈیشنڈ کلاس رومز اور بھاری فیسیں ہی معیار کی علامت نہیں ہوتیں۔ والدین اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا بھی ان کی ذمہ داری ہے۔ اگر لاکھوں روپے وصول کرنے والے نجی اسکول پارکنگ کا انتظام نہیں کر سکتے تو یہ ان کی انتظامی ناکامی اور متعلقہ حکام کی غفلت کا واضح ثبوت ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیا جائے تاکہ طلبہ کی تعلیم کے ساتھ شہریوں کا سکون بھی محفوظ رہ سکے۔

زندہ رہنے کی اجرت

پاکستان کے مالی سال 2026-27 کے بجٹ میں حکومت نے معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ عام آدمی کو ریلیف دینے کی کوشش کی ہے۔ غیر ہنرمند مزدور کی کم از کم ماہانہ اجرت 40,700 روپے مقرر کرنا، تنخواہ دار طبقے کے لیے ٹیکس میں رعایت دینا، اور خواتین کی ضروری صحت سے متعلق اشیاء پر ٹیکس ختم کرنا ایسے اقدامات ہیں جو اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت معاشرے کے کمزور طبقات کے مسائل سے آگاہ ہے اور ان کے لیے سہولت پیدا کرنا چاہتی ہے۔ بلاشبہ یہ اقدامات مثبت ہیں اور ان کا خیر مقدم کیا جانا چاہیے۔

تاہم کسی بھی پالیسی کی اصل کامیابی کا اندازہ اس کے زمینی اثرات سے لگایا جاتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ایک اہم سوال جنم لیتا ہے کہ کیا مقرر کی گئی کم از کم اجرت واقعی ایک مزدور اور اس کے خاندان کو باعزت زندگی گزارنے کے قابل بناتی ہے؟ اس سوال کا جواب تلاش کرنے کے لیے ہمیں معاشی حقائق اور روزمرہ زندگی کے اخراجات کا جائزہ لینا ہوگا۔ پاکستان کی بڑی آبادی غیر رسمی شعبے میں کام کرتی ہے۔ دیہاڑی دار مزدور، گھریلو ملازمین، چھوٹی دکانوں پر کام کرنے والے افراد اور کھیتوں میں محنت کرنے والے لاکھوں لوگ ایسے ہیں جو سرکاری قوانین کے باوجود کم از کم اجرت سے بھی کم معاوضہ حاصل کرتے ہیں۔

دوسری طرف مہنگائی عام آدمی کے لیے سب سے بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ خوراک، رہائش، ٹرانسپورٹ اور توانائی کے اخراجات مسلسل بڑھ رہے ہیں۔ آٹا، گندم، سبزیاں، گوشت اور دیگر ضروری اشیاء کی قیمتیں عام خاندان کے بجٹ کو شدید متاثر کر رہی ہیں۔ بجلی اور گیس کے بل پہلے ہی متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کے لیے پریشانی کا باعث ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں اضافے نے روزگار کے حصول اور روزمرہ نقل و حرکت کو مزید مہنگا بنا دیا ہے۔

معاشی دباؤ کا ایک اور پہلو بالواسطہ ٹیکسوں کا نظام ہے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ صرف وہی لوگ ٹیکس دیتے ہیں جو انکم ٹیکس ادا کرتے ہیں، لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ ایک مزدور جب صابن، چائے، گھی، موبائل کارڈ یا دیگر ضروری اشیاء خریدتا ہے تو وہ بھی سیلز ٹیکس اور مختلف بالواسطہ ٹیکسوں کے ذریعے قومی خزانے میں حصہ ڈال رہا ہوتا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ ایک امیر شخص کے لیے یہ اضافی رقم معمولی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ ایک غریب کے لیے یہی رقم اس کے روزانہ کے خرچ میں نمایاں فرق پیدا کرتی ہے۔

اگر ایک پانچ یا چھ افراد پر مشتمل مزدور خاندان کی بنیادی ضروریات کا تخمینہ لگایا جائے تو صورتحال مزید واضح ہو جاتی ہے۔ محدود ترین سطح پر خوراک کے لیے تقریباً 25 ہزار روپے درکار ہوتے ہیں۔ رہائش کے لیے ایک سادہ گھر کا کرایہ 10 سے 15 ہزار روپے تک پہنچ چکا ہے۔ بجلی، گیس اور پانی کے اخراجات الگ ہیں۔ بچوں کی تعلیم، کاپیاں، یونیفارم اور معمولی تعلیمی اخراجات بھی ہزاروں روپے ماہانہ مانگتے ہیں۔ آمدورفت، ادویات اور دیگر ضروریات کو شامل کیا جائے تو ایک عام خاندان کے اخراجات 60 سے 70 ہزار روپے ماہانہ تک پہنچ جاتے ہیں۔

یہاں اصل مسئلہ سامنے آتا ہے۔ اگر ایک مزدور کو سرکاری طور پر مقرر کردہ 40,700 روپے بھی مکمل طور پر مل جائیں تو بھی اس کے اخراجات اور آمدنی کے درمیان ایک بڑا خلا باقی رہتا ہے۔ یہی خلا غربت، قرض، بے یقینی اور معاشرتی مسائل کو جنم دیتا ہے۔ جب آمدنی ضروریات پوری نہ کر سکے تو خاندان کو سمجھوتے کرنا پڑتے ہیں۔ بچوں کی تعلیم متاثر ہوتی ہے، خوراک کا معیار گرتا ہے اور صحت کے مسائل بڑھ جاتے ہیں۔ یہ صورتحال صرف معاشی نہیں بلکہ سماجی مسئلہ بھی ہے۔ بہت سے والدین مجبوری میں بچوں کو کم عمری میں کام پر بھیج دیتے ہیں تاکہ گھر کا خرچ چلایا جا سکے۔

نوجوان بہتر مستقبل کے خواب لیے تعلیم حاصل کرتے ہیں، مگر بے روزگاری اور مہنگائی ان کی امیدوں کو کمزور کر دیتی ہے۔ نوکری کی تلاش میں

نکلنے والا نوجوان بھی سفری اخراجات، انٹرنیٹ اور درخواستوں کی فیسوں کی صورت میں مسلسل مالی دباؤ کا سامنا کرتا ہے۔ اسی تناظر میں دنیا بھر میں ایک تصور کو اہمیت دی جا رہی ہے جسے ''زندہ رہنے کی اجرت'' کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب صرف اتنا نہیں کہ انسان زندہ رہ سکے بلکہ یہ کہ وہ عزت، تحفظ اور بنیادی آسودگی کے ساتھ زندگی گزار سکے۔ ایسی اجرت جو خوراک، رہائش، تعلیم، صحت اور ٹرانسپورٹ جیسی ضروریات پوری کر سکے۔

موجودہ معاشی حالات کو دیکھتے ہوئے پاکستان میں یہ سطح کم از کم 65 سے 75 ہزار روپے ماہانہ کے درمیان نظر آتی ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے حکومت، صنعت کاروں اور معاشرے کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ سب سے پہلے کم از کم اجرت کے قانون پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ تمام ملازمین کی تنخواہوں کو بینکنگ نظام سے منسلک کرنے سے شفافیت بڑھے گی اور قانون شکنی کی گنجائش کم ہوگی۔ اسی طرح ٹیکس کے نظام میں بھی توازن پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ بوجھ زیادہ تر ان طبقات پر منتقل ہو جو مالی طور پر مضبوط ہیں، جبکہ کم آمدنی والے افراد کو زیادہ تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

حکومت نوجوانوں کے لیے خصوصی سہولیات متعارف کروا سکتی ہے، جیسے روزگار کی تلاش کے دوران سفری رعایت، امتحانی فیسوں میں کمی اور انٹرنیٹ سہولت پر خصوصی پیکیج۔ اسی طرح پرائس کنٹرول کے مؤثر نظام کے ذریعے مصنوعی مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کا خاتمہ بھی ضروری ہے تاکہ بجٹ کے ثمرات عام شہری تک پہنچ سکیں۔ پبلک ٹرانسپورٹ کے شعبے میں بھی بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ میٹرو، گرین لائن اور دیگر عوامی منصوبے ریاست کے قیمتی اثاثے ہیں۔ ان کی توسیع اور بہتر انتظام سے لاکھوں شہریوں کے اخراجات کم ہو سکتے ہیں۔ خواتین، بزرگوں اور بچوں کے لیے محفوظ اور باعزت سفری سہولیات فراہم کرنا بھی ریاستی ذمہ داری کا اہم حصہ ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ معیشت کو صرف اعداد و شمار کی نظر سے نہ دیکھا جائے بلکہ اس مزدور کی آنکھ سے بھی دیکھا جائے جو روزانہ محنت کے بعد اپنے بچوں کے لیے راشن خریدنے بازار جاتا ہے۔ حکومت نے کم از کم اجرت میں اضافے کی صورت میں ایک مثبت قدم ضرور اٹھایا ہے، مگر موجودہ مہنگائی کے تناظر میں اس موضوع پر مزید غور کی ضرورت ہے تاکہ یہ اجرت حقیقی معنوں میں ''زندہ رہنے کی اجرت'' کے معیار کے قریب پہنچ سکے۔ جب ایک مزدور کو اس کی محنت کا منصفانہ معاوضہ ملے گا، اس کے بچوں کو بہتر تعلیم اور خوراک میسر آئے گی، اور اس کی بنیادی ضروریات پوری ہوں گی تو نہ صرف اس کا خاندان خوشحال ہوگا بلکہ قومی معیشت بھی مضبوط ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ مزدور کی خوشحالی ہی پاکستان کی خوشحالی ہے، اور ایک مضبوط، منصفانہ اور انسانی معاشی نظام ہی ملک کو پائیدار ترقی کی منزل تک پہنچا سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

فادرز ڈے: ایک دن یا پوری زندگی؟

دنیا بھر میں ہر سال فادرز ڈے منایا جاتا ہے جس کا مقصد والد کی محبت، قربانیوں اور خاندان کے لیے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہوتا ہے۔ اس دن اولاد اپنے والد کے ساتھ خصوصی وقت گزارتی ہے، انہیں تحائف پیش کرتی ہے اور مختلف انداز میں اپنی محبت اور احترام کا اظہار کرتی ہے۔

فادرز ڈے آج ایک عالمی روایت کی شکل اختیار کر چکا ہے، تاہم بہت سے لوگ اس کی تاریخ اور پس منظر سے مکمل طور پر واقف نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر سال اس موقع پر یہ سوال بھی اٹھایا جاتا ہے کہ اس دن کی اصل حقیقت کیا ہے اور مختلف مذاہب خصوصاً اسلام اس حوالے سے کیا رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

تاریخی روایات کے مطابق فادرز ڈے کی ابتدا امریکہ سے ہوئی۔ بیسویں صدی کے آغاز میں ایک خاتون نے اپنے والد کی قربانیوں اور جدوجہد کو دیکھتے ہوئے یہ تجویز پیش کی کہ جس طرح ماں کے احترام میں مدرز ڈے منایا جاتا ہے، اسی طرح والد کے لیے بھی ایک مخصوص دن ہونا چاہیے۔

اس تجویز کو رفتہ رفتہ عوامی پذیرائی حاصل ہوئی اور مختلف ریاستوں میں والد کے احترام کے لیے تقریبات کا انعقاد شروع ہو گیا۔ بعد ازاں امریکی حکومت نے بھی اس دن کو سرکاری سطح پر تسلیم کر لیا اور یوں یہ روایت دنیا کے دیگر ممالک تک پہنچ گئی۔

آج فادرز ڈے صرف امریکہ تک محدود نہیں بلکہ یورپ، ایشیا، افریقہ اور دنیا کے دیگر خطوں میں بھی مختلف انداز سے منایا جاتا ہے۔ بعض ممالک میں یہ ایک خاندانی تقریب کی شکل اختیار کر چکا ہے جبکہ کہیں اسے محض ایک یادگاری دن کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔

جدید دور میں سوشل میڈیا نے بھی فادرز ڈے کو مزید مقبول بنا دیا ہے۔ اس دن لاکھوں افراد اپنے والدین کے ساتھ تصاویر، یادیں اور جذباتی پیغامات شیئر کرتے ہیں اور ان لوگوں کو بھی یاد کرتے ہیں جو اپنے والد سے محروم ہو چکے ہوتے ہیں۔

اگر والد کے کردار کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ صرف خاندان کے کفیل ہی نہیں بلکہ ایک رہنما، مشیر اور محافظ بھی ہوتے ہیں۔ ان کی محنت اور جدوجہد اکثر خاموش ہوتی ہے لیکن ان کے اثرات اولاد کی پوری زندگی پر نمایاں رہتے ہیں۔

والد اپنی اولاد کے بہتر مستقبل کے لیے دن رات محنت کرتے ہیں۔ وہ اپنی خواہشات اور آرام کو پس پشت ڈال کر اپنے بچوں کی تعلیم، تربیت اور ضروریات کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ انہیں زندگی میں بہترین مواقع میسر آ سکیں۔ اکثر اوقات بچوں کو اپنے والد کی قربانیوں کا

مکمل احساس اس وقت ہوتا ہے جب وہ خود عملی زندگی میں قدم رکھتے ہیں۔ تب انہیں اندازہ ہوتا ہے کہ ایک خاندان کی ذمہ داریاں کس قدر مشکل اور صبر آزما ہوتی ہیں۔

اسلام نے والدین کے حقوق کو انتہائی اہمیت دی ہے۔ قرآنِ کریم میں بارہا اللہ تعالیٰ کی عبادت کے ساتھ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم دیا گیا ہے، جو ان کے عظیم مقام کو واضح کرتا ہے۔

قرآنِ مجید کی متعدد آیات میں والدین کے ساتھ نرمی، احترام اور احسان کا رویہ اختیار کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ یہاں تک کہ بڑھاپے میں ان کے سامنے اف تک کہنے سے بھی منع کیا گیا ہے۔

احادیثِ مبارکہ میں بھی والدین کی خدمت اور ان کے حقوق کی ادائیگی کو جنت کے حصول کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کو بہترین اعمال میں شمار فرمایا۔

اسلام میں والد کا مقام نہایت بلند ہے۔ اگرچہ ماں کے حقوق اور عظمت کو خصوصی اہمیت حاصل ہے، لیکن والد کو بھی خاندان کی سربراہی، تربیت اور کفالت کے باعث ایک عظیم مرتبہ حاصل ہے۔

مسلمانوں کے نزدیک والدین کا احترام کسی ایک دن یا ایک تقریب تک محدود نہیں۔ اسلام یہ تعلیم دیتا ہے کہ والدین کی خدمت، اطاعت اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک زندگی بھر جاری رہنا چاہیے۔

اسی بنیاد پر بعض مسلمان فادرز ڈے منانے کو ضروری نہیں سمجھتے۔ ان کا مقصد ہے کہ اگر والدین کا احترام صرف ایک دن تک محدود ہو جائے تو یہ اسلامی تعلیمات کے اصل مقصد کے خلاف ہوگا۔

دوسری جانب بعض مسلمان اسے محض ایک سماجی موقع سمجھتے ہیں جس کے ذریعے والد سے محبت اور تشکر کا اظہار کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ اس میں کوئی غیر اسلامی رسم یا عقیدہ شامل نہ ہو۔

علمائے کرام کی آرا اس حوالے سے مختلف ہو سکتی ہیں، لیکن اس بات پر تقریباً سب متفق ہیں کہ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک، ان کی خدمت اور ان کے حقوق کی ادائیگی ہر مسلمان کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جدید مصروف زندگی میں بہت سے لوگ اپنے والدین کو مناسب وقت نہیں دے پاتے۔ ایسے میں اگر کوئی دن انسان کو اپنے والدین کی یاد دلائے اور ان سے تعلق مضبوط کرنے کا سبب بنے تو اس کے مثبت پہلو بھی موجود ہیں۔

تاہم اصل کامیابی اس میں نہیں کہ سال میں صرف ایک دن والد کو یاد کیا جائے، بلکہ کامیابی اس میں ہے کہ انسان اپنی روزمرہ زندگی میں ان کا احترام کرے، ان کی ضروریات کا خیال رکھے اور ان کے جذبات کی قدر کرے۔

جو لوگ اپنے والد سے محروم ہو چکے ہیں، ان کے لیے بھی اسلام نے رہنمائی فراہم کی ہے۔ والدین کے انتقال کے بعد ان کے لیے دعا کرنا، صدقہ جاریہ کرنا اور ان کے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا نیکی کے اعمال میں شمار ہوتا ہے۔

معاشرتی اعتبار سے بھی والدین کا احترام ایک مضبوط اور خوشحال خاندان کی بنیاد بنتا ہے۔ جن معاشروں میں والدین کے حقوق کا خیال رکھا جاتا ہے وہاں خاندانی نظام زیادہ مستحکم اور مضبوط نظر آتا ہے۔

آج کے دور میں جب خاندانی تعلقات مختلف چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں، والدین کی اہمیت کو اجاگر کرنا پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہو گیا ہے۔ نئی نسل کو یہ سمجھانے کی ضرورت ہے کہ کامیابی اور ترقی کے ساتھ ساتھ والدین کے حقوق کی ادائیگی بھی ایک اہم ذمہ داری ہے۔

فادرز ڈے منایا جائے یا نہ منایا جائے، اس سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ والد کی محبت، قربانیوں اور خدمات کو دل سے تسلیم کیا جائے۔ اسلام کا پیغام یہی ہے کہ والدین کا احترام کسی ایک دن نہیں بلکہ زندگی کے ہر لمحے میں نمایاں ہونا چاہیے، کیونکہ ان کی رضا میں ہی دنیا و آخرت کی کامیابی پوشیدہ ہے۔

ماحولیاتی آلودگی۔۔۔انسانی زندگی کے لیے زہرِ قاتل

زمین انسان کا واحد مسکن ہے۔ یہی وہ آغوشِ فطرت ہے جس نے انسان کو زندگی، آسائش، رزق اور بقا کے بے شمار وسائل فراہم کیے ہیں مگر افسوس کہ ترقی و سہولت اور صنعتی دوڑ میں انسان نے اسی ماحول کو آلودہ کر دیا ہے جس کے بغیر اس کی اپنی بقا ممکن نہیں ہے۔ آج ماحولیاتی آلودگی صرف ایک مقامی یا علاقائی مسئلہ نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکی ہے اگر اس پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو آنے والی نسلوں کو ایک ایسے ماحول کا سامنا کرنا پڑے گا جہاں زندگی کی خوبصورتی اور صحت مند فضا محض ایک خواب بن کر رہ جائے گی۔

انسان صدیوں سے اس زمین پر زندگی بسر کر رہا ہے۔ وہ اپنے ماحول سے متاثر بھی ہوتا ہے اور اسے متاثر بھی کرتا ہے۔ زمین اور انسان کا تعلق محض رہائش کا نہیں بلکہ ایک گہرے رشتے کا مظہر ہے جو انسانی زندگی کو رنگ و رونق اور توانائی بخشتا ہے۔ انسان اپنے اردگرد کے ماحول سے لاتعلق ہو کر نہ زندگی کی حقیقی خوبصورتی حاصل کر سکتا ہے اور نہ ہی فطرت اس کی توجہ اور حفاظت کے بغیر اپنی دلکشی برقرار رکھ سکتی ہے۔

انسان اور زمین ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ ایک کے بغیر دوسرے کا تصور ممکن نہیں۔ موجودہ دور سائنسی ترقی اور حیرت انگیز ایجادات کا دور ہے۔ گزشتہ ایک صدی کے دوران جتنی ایجادات ہوئیں شاید اس سے قبل کئی صدیوں میں بھی نہ ہو سکیں۔ ان ایجادات نے انسانی زندگی کو سہولت، رفتار اور آسائش فراہم کیں لیکن ان کے بعض منفی اثرات بھی ہماری زندگیوں پر گہرے نقوش چھوڑ رہے ہیں۔

سائنسی ترقی نے صنعت و حرفت کے میدان میں انقلاب برپا کر دیا۔ سفر کے طویل فاصلے مختصر ہو گئے۔ پیداوار میں اضافہ ہوا اور انسان کو بے شمار سہولتیں میسر آئیں۔ جدید ٹیکنالوجی نے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا مگر دوسری جانب صنعتی ترقی نے ایسے مسائل کو بھی جنم دیا جو آج پوری انسانیت کے لیے چیلنج بن چکے ہیں۔ ان مسائل میں سب سے اہم مسئلہ ماحولیاتی آلودگی ہے۔ یہ ایک خاموش قاتل کی مانند ہماری زمین، پانی اور فضا کو مسلسل آلودہ کر رہی ہے۔ اس کے نتیجے میں نئی نئی بیماریاں جنم لے رہی ہیں اور انسانی صحت شدید خطرات سے دوچار ہو رہی ہے۔

آلودگی آج عالمی مسئلے کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ زمین، پانی اور ہوا اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمتیں ہیں مگر صنعتی ترقی اور بے ہنگم شہری توسیع نے ان نعمتوں کی پاکیزگی کو متاثر کر دیا ہے۔ فیکٹریوں اور کارخانوں سے خارج ہونے والے زہریلے مادے مٹی، پانی اور فضا کو آلودہ کر رہے ہیں جس کے باعث انسان کو سنگین مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صنعتی فضلہ زیرِ زمین پانی کو آلودہ کر کے صحتِ عامہ کے لیے مستقل خطرات پیدا کر رہا ہے۔ آلودہ پانی کے استعمال سے ہیضہ، ٹائیفائیڈ، یرقان، اسہال اور دیگر متعدد بیماریاں تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ اسی طرح صنعتی فضلہ زمین کی زرخیزی کو متاثر کر رہا ہے۔ سونا اُگلنے والی زمین سیم و تھور اور بنجر پن کا شکار ہو رہی ہے جس سے زرعی پیداوار اور فصلوں کے معیار میں نمایاں کمی واقع ہو رہی ہے۔

فضائی آلودگی بھی ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ کارخانوں کی چمنیوں اور دھواں چھوڑتی گاڑیوں سے خارج ہونے والی گیسیں فضا کو زہر آلود بنا رہی ہیں۔ خالص ہوا میں مضر صحت عناصر کی آمیزش سے سانس کی بیماریاں، دمہ، دل کے امراض اور کینسر جیسے مہلک عوارض میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق فضائی آلودگی ہر سال لاکھوں افراد کی صحت کو متاثر کرتی ہے اور انسانی زندگی کے معیار کو مسلسل گرا رہی ہے۔ ماحولیاتی آلودگی کا ایک اور خطرناک پہلو شور کی آلودگی ہے۔ غیر ضروری، بے ہنگم اور بلند آوازیں انسانی اعصاب، ذہن اور جسم پر منفی اثرات مرتب کرتی ہیں۔ شور کے باعث چڑچڑاپن، ذہنی دباؤ، بے خوابی، قوتِ سماعت میں کمی اور نفسیاتی امراض جنم لیتے ہیں۔ یہ آلودگی انسان کی برداشت، تحمل اور متانت کو بھی متاثر کرتی ہے جس کے نتیجے میں معاشرتی رویوں میں بگاڑ پیدا ہونے لگتا ہے۔

ماحولیاتی تحفظ صرف حکومتوں کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر فرد کا قومی اور اخلاقی فریضہ بھی ہے۔ اگر ہر شہری اپنے اردگرد صفائی کا خیال رکھے، درخت لگائے، پانی کے ضیاع سے بچے اور ماحول دوست طرزِ زندگی اپنائے تو آلودگی کے مضر اثرات کو بڑی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے انفرادی اقدامات اجتماعی طور پر بڑے مثبت نتائج پیدا کر سکتے ہیں۔

درخت ماحولیاتی توازن کے محافظ ہیں۔ جنگلات میں کمی اور بے دریغ درختوں کی کٹائی نے ماحولیاتی مسائل کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ شجرکاری نہ صرف فضائی آلودگی میں کمی کا ذریعہ ہے بلکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس لیے قومی سطح پر شجرکاری مہمات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فیکٹریوں اور کارخانوں سے خارج ہونے والے زہریلے مادوں اور آلودہ پانی کی مناسب تلفی کا مؤثر نظام قائم کیا جائے تاکہ زمین، پانی اور انسانی صحت کو نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔ آبی ذخائر کو صنعتی فضلے سے بچانا ناگزیر ہے تاکہ قدرت کی یہ عظیم نعمت اپنی اصل حالت میں برقرار رہ سکے۔ حکومت کو سخت قوانین، مؤثر نگرانی اور عملی اقدامات کے ذریعے آلودگی کے سدباب کو یقینی بنانا چاہیے۔

ماحولیاتی آلودگی درحقیقت انسانی بقا کے لیے ایک خاموش جنگ ہے۔ اگر آج ہم نے اپنے ماحول کی حفاظت نہ کی تو کل ہمیں اس کی بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت، ادارے اور عوام سب مل کر ماحول دوست رویوں کو فروغ دیں اور اپنی زمین، پانی اور فضا کو محفوظ بنانے کے لیے عملی کردار ادا کریں۔ ایک صاف، سرسبز اور صحت مند ماحول ہی ایک خوشحال، مضبوط اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد بن سکتا ہے کیونکہ ماحول کا تحفظ دراصل انسانیت کے مستقبل کا تحفظ ہے۔

آزاد کشمیر، نظام کی ناکامی۔۔۔صدارتی ماڈل کی ضرورت

تحریر: آغا سفیر حسین کاظمی۔

اسلام آباد کے سیاسی و عسکری ذرائع سے سامنے آنے والی اطلاعات کے مطابق آزاد جموں و کشمیر حکومت، وفاقی حکومت اور ریاستی اداروں نے یہ مقف اختیار کیا ہے کہ راولاکوٹ میں جاری دھرنے کے خاتمے سے قبل کالعدم قرار دی جانے والی ایکشن کمیٹی کے ساتھ کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہوں گے۔ اطلاعات یہ بھی ہیں کہ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران جن سیاسی شخصیات، ریٹائرڈ فوجی افسران، وکلا، صحافتی نمائندوں اور سول سوسائٹی کے افراد نے ایکشن کمیٹی کے ساتھ رابطوں یا ثالثی کی کوششوں کا دعویٰ کیا، ان میں سے اکثر کے پاس نہ کوئی باضابطہ مینڈیٹ تھا اور نہ ہی انہیں کسی ریاستی ادارے کی سرپرستی حاصل تھی۔

یہ صورتحال دراصل اس امر کی دلیل ہیکہ اگر ریاستی ادارے مذاکرات کے لیے کسی واضح پالیسی پر متفق تھے تو پھر مختلف شخصیات کی جانب سے ثالثی اور رابطوں کے دعوے کیوں سامنے آتے رہے؟ گزشتہ چند ہفتوں میں ایسا محسوس ہوتا رہا جیسے ایک غیر اعلانیہ مقابلہ جاری ہو، جس میں ہر شخص اپنی سیاسی یا سماجی اہمیت منوانے کے لیے یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہا تھا کہ وہ ایکشن کمیٹی تک رسائی رکھتا ہے یا اسے مذاکرات کی میز پر لا سکتا ہے۔ اس تمام عمل میں اصل مسئلہ پس منظر میں چلا گیا جبکہ شخصیات اور ان کی سیاسی نمائش نمایاں ہوتی چلی گئی۔

یہاں قابل غور بات یہ ہے کہ کون مذاکرات کرا سکتا ہے اور کون نہیں، بلکہ یہ ہے کہ مذاکرات کس مقصد کے لیے ہوں گے اور ان کی حدود و قیود کیا ہوں گی۔ اگر ایکشن کمیٹی کے ابتدائی مطالبات عوامی نوعیت کے تھے اور انہیں ریاست نے خود تسلیم کرتے ہوئے مختلف مراحل میں قبول بھی کیا تھا تو پھر حالات اس نہج تک کیوں پہنچے کہ آج مذاکرات کے دروازے بند کرنے کی بات کی جا رہی ہے؟ پاکستان کے خلاف نعرے بازی اداروں کی توہین اور ان کی ہرزہ سرائی اور بعض تقاریر میں یہ تاثر دینا جیسا کہ یہ جموں آزاد کشمیر کو آزاد کروانے کی تحریک ہے کیا اس سب کے بعد مذاکرات کا ایجنڈا کیا ہوگا اگر بات تو سنتا بات کی ہے جو کہ عوامی تھے وہ تو مان لیے جائیں گے تو ان کا کیا کریں گے کیا یہ ہرزہ سرائی معاف کر دی جائے گی اور اسے معاف کرنے کا استحقاق کون رکھتا ہے؟؟؟

یہ امر بھی واضح رہنا چاہیے کہ آزاد کشمیر کے ہزاروں شہدا خاندانوں، سابق فوجیوں اور ان طبقات میں جو ہمیشہ پاکستان کے دفاع اور استحکام کے ساتھ وابستہ رہے ہیں، اس حوالے سے شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ ان کا مقف ہے کہ جب معاملہ عوامی مسائل کا تھا تو اسے سیاسی حکمت، تدبر اور سنجیدگی سے حل کیا جانا چاہیے تھا۔ ماضی میں بھی حکومتوں نے مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کیے اور ایکشن کمیٹی کو ایک فریق کے طور پر تسلیم کیا۔ لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مطالبات کی نوعیت تبدیل ہوتی گئی، ان میں اضافہ ہوتا گیا اور بعض ایسے عناصر بھی سامنے آ گ

بقیہ 1

آئی۔ لواحقین نے ہسپتال انتظامیہ کیخلاف شدید نعرے بازی کر کے احتجاج شروع کر دیا جس پر پولیس موقع پر پہنچ آئی۔ پولیس نے دو سٹاف نرسز اور دائی کو تحویل میں لیکر تفتیش شروع کر دی جبکہ دوسری طرف نرس یونین کی صوبائی عہدیدار فرحت اور میل نرس عہدیدار تھانے پہنچ گئے اور ایم ایس سمیت دیگر ڈاکٹرز کیخلاف احتجاج کرتے ہوئے انہیں بھی شامل تفتیش کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے ایم ایس بے نظیر بھٹو ہسپتال کو فوری معطل کرنیکا مطالبہ کر دیا۔ بچے خذیفہ کے والد محمد سراج کی درخواست پر تھانہ کینٹ میں PPC363 کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔

بقیہ 2

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر II- محمد اسامہ نے حویلیاں ایوان تجارت کے عہدیداروں کے ساتھ ایک تفصیلی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس کے دوران شہر میں انکروچمنٹ کے مسائل، بازاروں میں غیر قانونی تجاوزات، ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں، واٹر پوائنٹس کی بہتری اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر II- نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تجاوزات کے خاتمے، بازاروں کی صفائی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور شہر کی خوبصورتی (Beautification of City) کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ تاجر برادری نے انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی جبکہ اجلاس میں شہر کو صاف ستھرا، خوبصورت اور عوام کے لیے بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز بھی پیش کی گئیں اجلاس میں تاجر رہنماں سردار ناصر، فیصل رفیق صراف، ملک عمران، سید عابد حسین شاہ حاجی حنیف عباسی، سردار مظہر، شوکت محمود چوہدری الیاس، چوہدری اللہ داد ماما عارف و دیگر ٹریڈ نمائندوں نے شرکت کی

بقیہ 3

انتظامات، سکیورٹی صورتحال، ریکارڈ اور پولیس اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اہلکاروں کو عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، جرائم کی مؤثر روک تھام اور فرائض کی ایمانداری و مستعدی سے انجام دہی کی ہدایت کی۔ اس موقع پر صفائی، ڈسپلن اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے پر بھی زور دیا گیا انھوں نے پولیس کا ذمہ داری میں یہ بات اولین شامل ہے کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے میں نے سرکل حویلیاں کے تمام تھانہ جات اور چوکی انچارج صاحبان کو پیغام دیا ہے کہ کسی بھی شریف آدمی کو تھانہ میں آنے پر خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور کریمنل اشخاص کے ساتھ سختی سے برتا و کیا جائے منشیات فروشوں بھتہ خوری اور دیگر جرائم پیشہ افراد کی کڑی نظر رکھی جائے

بقیہ 4

ملتوی کر دیا گیا ہے اہلسنت والجماعت تحصیل حویلیاں کے ذمہ داران شہر کے قیام امن کے لئے کوشاں جملہ احباب بالخصوص مرکزی سیرت کمیٹی حویلیاں علما کرام جمعیت علما اہلسنت والجماعت کے جملہ کارکنان و ذمہ داران اور جمیع تمام اہل ایمان کے تہہ دل سے مشکور ہیں اور سب کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آن کا جذبہ قابل قدر ہے اللہ آپ سب کا حامی و ناصر ہو ترجمان اہلسنت والجماعت تحصیل حویلیاں نے پولیس انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایسے عناصر پر کڑی نظر رکھیں جو حویلیاں شہر کے امن معاہدوں کو ناکام بنانے کی سازشوں میں مصروف عمل ہیں

بقیہ 5

جوان نسلوں کو نشہ کی لت لگا کر تباہی کیا جارہا ہے جو ہمارے ملک کا سرمایا جوان ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سرن جو ایک خوبصورت جنت علاقہ ہے جہاں سہولتیں بہت کم ہیں لیکن سکون ہے پیار محبت ہے اس خوبصورت ماحول کو نشے نے خراب کر دیا ہے جو کہ عام ہے عوامی نمائندوں کی شمال کی ٹیم سے بات کرتے ہوئے کہا کہ گم نام ہیں لوگ یہاں چرس آئیس اور دیگر نشادرگ بیچ رہے ہیں جنکا کوئی نام نہیں تھانہ نواز آباد خاص طور پر ایس ایچ او وحید خان اور باقی عملے سے گزارش ہے کرگشت کے ساتھ ساتھ زرائع کو جان کر ان لوگوں کو پکڑ کر سخت سے سخت سزا دی جایئے تا کہ نوجوان نسل کی قیمتی زندگیوں کو بچایا جاسکے

بقیہ 6

اکرام کو سرائے صالح بازار اور جی ٹی روڈ پر ٹریفک کی آمد و رفت جزوی طور پر معطل رہے گی۔ ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس کے مطابق 8 محرم الحرام کے جلوس کے باعث سرائے صالح بازار اور جی ٹی روڈ کو دوپہر ایک بجے سے شام چار بجے تک ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند رکھا جائے گا تاکہ جلوس کے شرکا کو سکیورٹی اور سہولت فراہم کی جاسکے۔ ٹریفک حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ متبادل راستے استعمال کریں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں تاکہ ٹریفک کی روانی برقرار رہے اور کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے مطابق جلوس کے دوران سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں جبکہ ٹریفک اہلکار مختلف مقامات پر تعینات ہوں گے تاکہ شہریوں کی رہنمائی کی جاسکے۔ شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور جلوس کے مقررہ اوقات کے دوران ٹریفک ہدایات پر مکمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 7

میں نہ لاتے ہوئے حق اور سچ کا علم بلند رکھا۔ گزشتہ روز شال کے سینئر صحافی شیخ نزیر سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے محمد نواز ذار نے کہا کہ مرحوم نیاز پاشا جدون ہزارہ ڈویژن کی صحافتی تاریخ کا ایک روشن باب تھے جنہوں نے اپنی قلمی جدوجہد کے ذریعے عوامی مسائل کو حکومتی ایوانوں تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم نے اپنی پوری صحافتی زندگی میں دیانت داری، غیر جانبداری اور حق گوئی کو اپنا شعار بنائے رکھا اور کبھی ذاتی مفادات کو عوامی مفادات پر ترجیح نہیں دی۔ محمد نواز ذار نے کہا کہ نیاز پاشا جدون مرحوم نے ہزارہ کے عوام کے حقوق کے لیے ہمیشہ آواز بلند کی اور علاقائی مسائل، محرومیوں اور عوامی مشکلات کو اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی صحافتی خدمات آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم نے اپنی آخری سانس تک قلمی جہاد جاری رکھا اور صحافت کے اعلیٰ اصولوں پر کاربند رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیاز پاشا جدون کی وفات سے صحافت کے میدان میں جو خلا پیدا ہوا ہے اسے پر کرنا آسان نہیں۔ ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ہزارہ کے عوام کے دلوں میں وہ آج بھی زندہ ہیں۔ آخر میں محمد نواز ذار نے مرحوم کی صحافتی، سماجی اور عوامی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

بقیہ 8

میں خلل پڑ رہا ہے بلکہ ہسپتال ایک ریفرل سنٹر میں تبدیل ہو کر رہ گئی ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی نشست پر تعینات ہونے والے دیگر مراعات کے علاوہ کیپی ٹیشن فنڈز کو بھی ہضم کرتے ہیں۔ مستند زرائع کے مطابق فرنٹیئر میڈیکل کالج ایبٹ آباد کی جانب سے ملنے والی کیپی ٹیشن فیس جو ہسپتال اور مریضوں کی امانت ہے مگر ہسپتال میں بیٹھے ایک مبینہ کرپٹ مافیا کے ہاتھوں غیر قانونی طور پر تقسیم ہو رہی ہے۔ مبینہ طور پر اس رقم میں سے دیگر کرپشن و بدعنوانی کے علاوہ میڈیکل سپرنٹینڈنٹ 60 لاکھ روپے، ڈپٹی میڈیکل سپرنٹینڈنٹ 30 لاکھ روپے اور ہیڈ کلرک 10 لاکھ روپے سالانہ آپس میں تقسیم کرتے ہیں جبکہ یہ تمام ریکارڈ ہسپتال مینجمنٹ کمیٹی میں شامل کمیونٹی کے نمائندہ ممبران سے مکمل طور پر مخفی رکھا جا رہا ہے۔ زرائع کے مطابق کمیٹی کے ان ممبران کو آج تک ہسپتال کے اخراجات یا کیپی ٹیشن فیس کے استعمال کا کوئی باضابطہ حساب و ریکارڈ پیش نہیں کیا گیا اور نہ ہی منظوری لی گئی ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ اب نئے تعینات ہونے والے میڈیکل آفیسر جواد مجید سواتی بھی کیپی ٹیشن فنڈز پر نظریں جمائے بیٹھے ہیں۔ جب اس معاملے پر میڈیا نے ہسپتال مینجمنٹ کمیٹی کے ممبران سے رابطہ کیا تو ان کا کہنا تھا کہ ہسپتال انتظامیہ اور ہیڈ کلرک مالی معاملات کو کمیٹی ممبران سے پوشیدہ رکھتے ہیں اس لیے ہم اس بارے میں مکمل معلومات نہیں فراہم کر سکتے تاہم ہسپتال زرائع کے مطابق کروڑوں روپے کی یہ کیپی ٹیشن فیس گزشتہ چار میڈیکل سپرنٹینڈنٹس اپنے اپنے دورِ تقرری میں مبینہ طور پر آپس میں بانٹ کر ہضم کر چکے ہیں۔ مزید برآں میڈیا کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق چند ماہ قبل عارضی بنیادوں پر محض دو ماہ کے لیے میڈیکل سپرنٹینڈنٹ تعینات کیے جانے والے ایک ڈاکٹر نے بھی اس مبینہ کرپشن کے سلسلے سے فائدہ اٹھایا اور مبینہ طور پر ساٹھ لاکھ روپے اپنی جیب میں ڈالے۔ زرائع کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ اس مبینہ کرپشن کا حصے محکمہ صحت میں اعلیٰ سطح تک جاتے ہیں جس کی بنا پر یہ سلسلہ برسوں سے بلا روک ٹوک جاری ہے۔ سرکاری ریکارڈ تک رسائی اور باضابطہ تحقیقات کے ذریعے ہی اصل حقائق کا تعین ممکن ہو سکے گا۔ سول سوسائٹی کا مطالبہ ہے قومی احتساب بیورو اس معاملے کی شفاف تحقیقات کروائیں کروڑوں کی کرپشن کو بے نقاب کر اس میں ملوث کرپٹ مافیا کو قرار واقعی سزا دی جائے اور کیپی ٹیشن فیس کا مکمل ریکارڈ ہسپتال مینجمنٹ کمیٹی اور عوام کے سامنے لایا جائے۔

بقیہ 9

ستھرائی کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ریکارڈ کا جائزہ لیتے ہوئے طبی سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو درپیش مسائل کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے عملے کو ہدایت کی کہ ڈیوٹی پر حاضری کو یقینی بنایا جائے، ادویات کا مکمل اور درست ریکارڈ برقرار رکھا جائے اور مراکز صحت میں صفائی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ اس موقع پر ڈاکٹر محسن رضا ترابی کا کہنا تھا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی محکمہ صحت کی اولین ترجیح ہے اور بنیادی مراکز صحت میں ادویات، عملے کی دستیابی اور صفائی کے انتظامات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو مزید ہدایت کی کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور علاج معالجے کی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں تاکہ عوام کو صحت کی معیاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 10

کی بحالی کے باوجود ماسہرہ سمیت گردونواح کے مختلف لوکل روٹس پر عوام کو تاحال کرایوں میں کسی قسم کا ریلیف نہ مل سکا۔ بعض ٹرانسپورٹرز کی جانب سے مسافروں سے من پسند اور سابقہ بلند کرایے وصول کیے جا رہے ہیں جس پر شہریوں نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ جب بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو ٹرانسپورٹ کرایوں میں فوری اضافہ کر دیا جاتا ہے تاہم قیمتوں میں کمی کے باوجود کرایوں کو کم نہیں کیا جاتا جس سے عوام کو دوہرا نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے شہریوں کے مطابق روزانہ سفر کرنے والے طلبہ، ملازمین، مزدور اور دیگر افراد سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ مختلف لوکل روٹس پر سفر کرنے والے مسافروں کی شکایت کی ہے کہ بعض ٹرانسپورٹرز سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کرنے کے بجائے اپنی مرضی کے مطابق کرائے وصول کر رہے ہیں جبکہ متعلقہ اداروں کی جانب سے مؤثر نگرانی نہ ہونے کے باعث عوام کو مسلسل مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ سماجی اور عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ پٹرولیم نرخوں اور سی این جی کی دستیابی کے تناظر میں کرایوں کا ازسرنو تعین کیا جائے اور تمام لوکل روٹس پر سرکاری کرایہ ناموں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم ہو سکے شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں حکومت کی جانب سے دیے جانے والے ریلیف کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے ضروری ہے کہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں فوری کمی کر کے مسافروں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

بقیہ 11

خوردونوش کی قیمتوں میں بھی کمی کرے عوامی حلقوں نے حکومت کے اس اقدام کو سراہا کہ حکومت نے ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کر کے غریب عوام کو ریلیف دی ہے اسی طرح حکومت وقت سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کو کم کرنے کے لئے ایل پی جی گیس، آٹا، چینی، چائے، گھی خوردنی آئل، مصالحہ جات، دالیں سبزیوں پھلوں گوشت اور دیگر اشیاء ضروریہ کے نرخوں میں بھی فوری طور پر کمی کرنے کے لئے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کریں کہ نئے نرخناموں کا تعین کر کے عوام کو اشیاء ضروریہ میں ریلیف دی جائے

بقیہ 12

مطابق متاثرہ خاتون نے دوران علاج اپنا ویڈیو بیان بھی ریکارڈ کروایا جس میں اپنے دیور عدیل کو واقعہ کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ ویڈیو بیان اور گرشواہد کی روشنی میں لورہ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا ہے جبکہ واقعہ کے مختلف پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ 13

جائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دودھ اور دہی فروش اپنی مرضی کے نرخ وصول کر رہے ہیں، جس سے صارفین شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ دوسری جانب دکانداروں کا مقف ہے کہ وہ پرانے سرکاری نرخوں پر دودھ اور دہی فروخت نہیں کر سکتے، لہذا ضلعی انتظامیہ فوری طور پر نیا سرکاری نرخ نامہ جاری کرے۔ اگر نئے نرخ مقرر نہیں کیے جاسکتے تو کم از کم موجودہ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کا نوٹس لیا جائے۔ شہریوں نے روٹی کے وزن اور قیمتوں کی باقاعدہ جانچ پڑتال کا بھی مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ تندوروں، ہوٹلوں، ڈیری شاپس، سبزی و فروٹ فروشوں کی دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹ نمایاں طور پر آویزاں کرائی جائے تاکہ صارفین کو مقررہ نرخوں کے مطابق اشیائے ضروریہ دستیاب ہو سکیں۔ عوامی حلقوں نے ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹ کرایوں میں کوئی خاطر خواہ کمی نہیں کی گئی۔ شہریوں نے شکایت کی کہ بعض پٹرول پمپس پر صارفین سے زائد وصولی کی اطلاعات بھی موصول ہو رہی ہیں، جن کی تحقیقات ضروری ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری کرایہ ناموں کو ہر اڈوں اور گاڑیوں پر نمایاں طور پر نصب کروائے جائیں۔ شہریوں نے شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی کا بھی مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تجاوزات ٹریفک کی روانی اور عوامی سہولت میں بڑی رکاوٹ بن چکی ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ عوامی مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دے اور عملی اقدامات کے ذریعے شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ یقینی بنائے۔

بقیہ 14

ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے گزشتہ روز ملک بھر کے ساتھ ہزارہ میں بڑھتے مثائل کے تدارک کے لیے میکمل میں لسانی طور پر بنائے گئے ان محدود صوبوں میں فوری اضافے کا مطالبہ کرتے ہوئے شامل کو بتائی۔ انہوں نے کہا کہ پرانے صوبوں پر ان چند روائتی خاندانوں کا راج اور کنٹرول آج پاکستان کو تاریخ کے بلند ترین قرض اور عوام کو غربت کے اندھیروں میں پھینک چکا ہے آج یہ پرانے عوامی خدمت، انتظام اور انصاف کے لیئے بنائے گئے ادارے اپنے محدود سٹاف کے ساتھ اس تیزی سے پھیلتی آبادی کے لیئے ناکافی ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج عدالتوں میں سائلین کے کیسوں کی تیزی سے بڑھتی تعداد سے محدود ججز پر بڑھتا بوجھ اور لمبی لمبی تاریخوں سے سالوں چلتے مقدمات عوام کے قیمتی وقت اور پیسوں کا ضیاع کر رہا ہے۔ اسی طرح عوامی خدمت اور انتظامی ادارے بھی اپنی کارکردگی سے قاصر ہیں۔ انہوں نے حکومت اور زمہ داران سے مطالبہ کیا کہ وہ صوبوں کی تعداد میں اضافہ کر کے ان مخصوص چند خاندانوں کے کنٹرول سے ملک کو آزاد کر کے عوام کو ان کے وسائل اور حقوق کی فراہمی ممکن بنائیں۔

بقیہ 15

سے ملاقات جرائم کے خاتمہ کے لیے کمیونٹی کے تعاون سے معاشرے کو امن کا گہوارہ بنائیں گئے گزشتہ روز ایس ایچ او تھانہ مانگل تنویر خان نے کمیونٹی پولیسنگ کے اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ یہ ایک جدید اور موثر طریقہ ہے جس میں پولیس اور کمیونٹی مل کر جرائم کی روک تھام اور عوامی تحفظ کو یقینی بناتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد اور تعاون کو بڑھانا ہے، تاکہ جرائم کو روکا جاسکے اور کمیونٹی کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکیا ایس ایچ او تھانہ مانگل تنویر خان کمیونٹی پولیسنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ یہ ایک موثر طریقہ ہے جو پولیس اور عوام کے درمیان تعاون اور شراکت کو فروغ دیتا ہے جرائم کے خاتمہ کے لیے جدید سائنسی بنیادوں کام لیتے ہوئے جرائم کا خاتمہ کریں گئے

بقیہ 16

میں سیکیورٹی و انتظامی امور کے پیش نظر سرائے صالح جی ٹی روڈ کو صبح 11:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند رکھا جائے گا۔ ٹریفک پولیس ہر پیرو کے مطابق شہری پریشانی سے بچنے کے لیے دیے گئے متبادل روٹس استعمال کریں ایبٹ آباد سے ہری پور اور حسن ابدال جانے والے براستہ شاہ مقصود انٹرچینج موٹروے یا نزد چنگی بانڈی بائی پاس روڈ کی طرف سے مانگرائے پل کو کراس کر کے چھپر پل سے ہو کر ڈی سٹاپ یا ڈائریکٹ پنیاں بائی پاس سے نکل کر حسن ابدال روڈ پر جائیں۔ حسن ابدال سے ایبٹ آباد جانے والے:* براستہ جہاری کس انٹرچینج موٹروے استعمال کریں یا جی ٹی روڈ سے سفر کرنے والے پنیاں بائی پاس سے ہوتے ہوئے نزد چنگی بانڈی بائی پاس سے نکل کر جی ٹی روڈ پر جائیں۔ ہری پور سے ایبٹ آباد جانے والے براستہ قریبی انٹرچینج موٹروے استعمال کریں یا ڈی سٹاپ سے دربندا ڈھ چھپر روڈ کی طرف مانگرائے پل کراس کر کے بائی پاس سے ہوتے ہوئے نزد چنگی بانڈی بائی پاس سے نکل کر جی ٹی روڈ پر جائیں۔ کسی بھی معلومات یا ایمرجنسی کی صورت میں شہری پولیس کنٹرول روم ہری پور کے فون نمبر 0995-920109 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہری پور ٹریفک پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جلوس کے احترام میں تعاون کریں، متبادل راستے اختیار کریں اور مقررہ وقت کے دوران جی ٹی روڈ سرائے صالح کے علاقے میں غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 17

گئی تھی۔ بچے کو فوری طور پر مظفر آباد منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد اسے ڈی ایچ کیو ہسپتال ایبٹ آباد منتقل کر دیا گیا۔ بچے کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 200 زیر دفعات 376/337/53 سی پی اے اور 37 سی پی اے کے تحت نامعلوم ملزم کے خلاف درج کیا گیا۔ تفتیش کے دوران بچے سے حاصل کردہ معلومات کی روشنی میں ملزم محمد نعمان ولد طاہر سکنہ بھگلر اس حال راولپنڈی کو نامزد کیا گیا۔ ملزم گرفتار کرنے بچنے کیلئے مسلسل اپنے ٹھکانے تبدیل کرتا رہا، تاہم پولیس نے دوران ملزم کی گرفتاری کیلئے کوئٹہ، کراچی، راولپنڈی، اسلام آباد اور گلگت سمیت مختلف شہروں میں چھاپہ زنی کی گئی۔ جدید ٹیکنالوجی اور روایتی تفتیشی طریقہ کار کو بروئے کار لایا ملزم کو عدالت میں پیش کر کے تین روزہ جسمانی ریمانڈ حاصل کر لیا گیا ہے تاکہ مزید تفتیش عمل میں لائی جا سکے۔ ڈی پی او ایبٹ آباد کی نگرانی میں اس اہم کیس کو منطقی انجام تک پہنچانے پر اعلیٰ پولیس حکام کی جانب سے ایس ایچ او اور دیگر اہلکاروں کیلئے انعامات اور ایوارڈز کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ ایس پی شعبہ تفتیش ایاز خان کا کہنا تھا کہ ایبٹ آباد پولیس جدید خطوط پر تفتیش کو فروغ دے رہی ہے اور اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بیرون ملک فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کیلئے ریڈ اور بلیو وارنٹس کی فائلیں وزارت خارجہ کو ارسال کی جا چکی ہیں اور جلد انہیں بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔

بقیہ 18

نے ضلع بھر میں خصوصی مہم کا آغاز کر دیا ہے پہلے مرحلہ میں ڈرائیورز اور ٹرانسپورٹرز حضرات کو مقررہ کرایوں پر عملدرآمد کے حوالہ سے آگاہی دی جائے گی دوسرے مرحلہ میں زائد کرایہ وصول کرنیوالے ڈرائیورز کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کے تحت جرمانہ کائد کرنے کے ساتھ ساتھ گاڑی کو متعلقہ تھانہ میں بند کیا جائے گا ایس پی ٹریفک مانسہرہ کے اس اقدام پر ضلع بھر کے عوامی و سماجی حلقوں نے ڈی پی او مانسہرہ ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان تنولی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے کہ ایسے فرض شناس افسران کی وجہ سے عوام کو ریلیف فراہم ہوگا

بقیہ 19

صرف اس بورڈ کی تشکیل تو کرنی ہے کیونکہ ٹی بورڈ پہلے سے موجود ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ چائے کی کاشت کا کام سست روی سے پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اسلام آباد کے زیر اثر چل رہا ہے جو کسی طرح بھی درست نہیں ہے۔ پی ایم آر سی میں چائے کا کوئی ماہر نہیں ہے جو اس فصل کو سمجھ سکے۔ تمباکو کی کاشت میں ترقی اسی وقت ہوئی کہ جب ٹوبیکو بورڈ بنا۔ ٹی بورڈ کے بن جانے کے بعد اس کی تمام تر توجہ چائے کی کاشت و ترویج کی جانب ہوگی کیونکہ یہ اسی کا مینڈیٹ ہوگا۔ زرعی تحقیقاتی کونسل اسلام آباد کے ادارے نے شنکیاری مانسہرہ میں جو تحقیق کا کام کرنا تھا وہ کر لیا اب اس کی توسیع کا کام ہے اور یہ ٹی بورڈ ہی کرے گا۔ زراعت کے شعبے میں ہی دیکھ لیں کہ وہاں بھی محکمہ تحقیق ایک کام کرتا ہے اور شعبہ توسیع اپنا۔ دیکھنا یہ ہے کہ پاکستان ٹی بورڈ کی تشکیل تو میں رکاوٹ کون ڈال رہا ہے۔ ہزارہ کے ارکان قومی و صوبائی اسمبلی کو اس اہم مسئلہ پر فوری توجہ دینی چاہیئے۔ یاد رہے کہ پاکستان میں چائے کی تروتیج سے پندرہ لاکھ سے زائد افراد کو روزگار مل سکتا ہے۔

بقیہ 20

ہوگی جبکہ بعض حساس مقامات پر جزوی معطلی کی جائے گی، یہ اقدام امن و امان برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچاؤ کے لیے کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 21

الحرام کے دوران امن و امان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے تمام سکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں تمام اسٹیک ہولڈرز، امن کمیٹیوں، علمائے کرام، عوامی رابطہ کمیٹیوں اور متعلقہ اداروں کے ساتھ متعدد اجلاس منعقد کیے جا چکے ہیں۔ ایس ایس پی ٹریفک نے بتایا کہ جلوسوں اور مجالس کی مؤثر نگرانی کے لیے سی سی ٹی وی کیمروں کا انتظام کیا گیا ہے جبکہ جلوسوں کے روٹس پہلے سے مختص کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع ایبٹ آباد میں محرم الحرام کے دوران تقریباً تین ہزار پولیس اہلکار سکیورٹی کے فرائض انجام دیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ایبٹ آباد میں 10 محرم کو جبکہ جلوسِ عزا میں 11 محرم کو بڑے جلوس منعقد ہوں گے، جن کے لیے جامع سکیورٹی پلان مرتب کیا گیا ہے۔ پولیس شہریوں کو ٹریفک اور سکیورٹی سے متعلق معلومات مسلسل فراہم کر رہی ہے تاکہ کسی بھی قسم کی دشواری سے بچا جا سکے۔ محمد اشتیاق احمد نے واضح کیا کہ ایبٹ آباد شہر میں محرم کے کسی بھی جلوس کا روٹ مرکزی شاہراہ (مین روڈ) سے نہیں گزرے گا بلکہ جلوس صرف ایبٹ آباد بازار کے مخصوص راستوں تک محدود ہوں گے۔ شہریوں کی سہولت کے لیے متبادل راستے مختص کیے گئے ہیں اور جہاں جہاں ٹریفک ڈائیورٹ کی جائے گی وہاں بروقت آگاہی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کوشش ہے کہ شہریوں کو محرم الحرام کے دوران محفوظ، پرامن اور منظم ماحول فراہم کیا جائے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں، ٹریفک ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں تاکہ امن و امان کی فضا برقرار رکھی جا سکے۔

بقیہ 22

کو بنا کر عوامی راستوں اور سرکاری املاک کو واگزار کروایا گیا۔ مزید برآں، ٹی ایم اے بفہ کے انکروچمنٹ عملے کی نشاندہی پر وٹیج سیکرٹری نے اپنے سینیٹری عملے کو متحرک کرتے ہوئے بند نالیوں اور ڈرینوں کی صفائی کا کام فوری طور پر شروع کروا دیا تاکہ مون سون بارشوں سے قبل تمام نکاسی آب کے راستوں کو مکمل طور پر صاف اور فعال بنایا جا سکے۔ اس اقدام کا مقصد بارشوں کے دوران پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ کو ختم کرنا، شہری آبادی کو ممکنہ نقصانات سے بچانا اور صفائی کی مجموعی صورتحال کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 23

ماسہرہ شاہنواز خان نے محرم الحرام کے سلسلے میں مرکزی امام بارگاہ مفتی آباد کا دورہ کیا اور دورے کے دوران سکیورٹی انتظامات، واک تھرو گیٹس سی سی ٹی وی کیمروں اور روف ٹاپ سکیورٹی سمیت دیگر مقامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا جبکہ انہوں نے اس موقع پر متعلقہ افسران و ڈیوٹی پر موجود پولیس کے جوانوں کو ضروری ہدایات جاری کیں ذرائع کے مطابق SP سٹی شاہنواز خان نے جلوس کے روٹ پر تعینات پولیس اہلکاروں سے بھی ملاقات کی اور انہیں اپنی ذمہ داریاں فرض شناسی، مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں سرانجام دینے کی ہدایت کی انہوں نے واضح کیا کہ محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام انتظامات و اقدامات کو ہر صورت مؤثر بنایا جائے گا تا کہ امن و امان کی صورتحال برقرار رہے کسی بھی ایمرجنسی و ہنگامی صورتحال سے بخوبی نمٹا جا سکے،

بقیہ 24

جس میں علاقے کے معززین، علمائے کرام اور سینئر وکلاء افراد نے شرکت کی۔ ماز جنازہ کا انگنڈ کالونی میں ادا کی گئی جہاں مرحومہ کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ جنازے میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، سماجی شخصیات اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کیا۔

بقیہ 25

اجلاس بروز جمعرات 25 جون 2026 شام 5 بجے منہاج اسلامک سنٹر ہری پور میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ اجلاس میں مرکزی شیڈول کے مطابق 4 جولائی سے 7 جولائی 2026 تک منعقد ہونے والے دروسِ عرفان القرآن اور شہادتِ امام حسین کانفرنسز کو کامیاب بنانے کے حوالے سے مشاورت کی جائے گی۔ اس کے علاوہ 7 جولائی کو سجان مارکی، جی ٹی روڈ سرائے صالح ہری پور میں منعقد ہونے والی اجتماعی کانفرنس کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ حامد رضا قریشی کے مطابق اجلاس کے دوران مختلف انتظامی اور تنظیمی کمیٹیوں کی تشکیل بھی عمل میں لائی جائے گی تاکہ تمام پروگرامز کو مؤثر انداز میں کامیاب بنایا جا سکے۔ انہوں نے تمام تحریکی رفقا اور ذمہ داران کو اجلاس میں بروقت شرکت کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وقت کی پابندی کو یقینی بنای

کھلابٹ، سیکٹر نمبر 2 اور ملحقہ آبادیوں کیلئے کمیونٹی سنٹر، قبرستان اور کھیل کے میدان کیلئے عوامی حلقے مطالبہ کررہے ہیں

کنگ عبداللہ ہسپتال میں بے ضابطگیوں پر عوامی حلقوں کا تحقیقات کا مطالبہ

سرکاری مشینری کی نیلامی میں شفافیت نہ ہونے کے الزامات پر عوامی وسماجی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے

مانسہرہ (نمائندگان شمال) کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ میں مبینہ بے ضابطگیوں پر عوامی حلقوں میں تشویش، تحقیقات کا مطالبہ، کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ کی انتظامیہ کے خلاف مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور سرکاری مشینری کی نیلامی میں شفافیت نہ ہونے کے الزامات پر عوامی وسماجی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ مختلف سماجی شخصیات اور شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ہسپتال میں نیلام کیے گئے طبی آلات اور مشینری کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ ذرائع کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

مانسہرہ، ماتمی جلوس علی مسجد میں پرامن اختتام پذیر

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) غازی کوٹ مانسہرہ میں 7 محرم الحرام کا مرکزی ماتمی جلوس سخت سیکیورٹی حصار میں اپنے مقررہ راستوں سے گزرتا ہوا علی مسجد غازی کوٹ میں پرامن طور پر اختتام پذیر ہوگیا۔ جلوس کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

دریائے کنہار میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ، آبادی کو شدید خطرہ

سینکڑوں کنال اراضی سال 1992 اور سال 2010 کے فلڈ میں دریا برد ہوچکی تھیں

گڑھی حبیب اللہ (بیورو چیف) علاقہ براکوٹ دریائے کنہار کی زد میں دن بدن دریا کی بہا کی وجہ سے زمینوں اور ابادی کو شدید خطرہ۔۔۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اشفاق خان نائب ناظم براکوٹ نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ گاں براکوٹ کی زرعی زمینوں اور آبادی شدید خطرہ میں ہے دریا کا بہا دن بدن بڑھ رہا ہے موصوف نے کہا کہ ہماری سیکڑوں کنال اراضی سال 1992 اور سال 2010 کیفلڈ میں دریا برد ہوچکی ہے اور کئی مکان بھی دریا برد ہو چکے ہیں اب ہماری زرعی زمینیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

اوگی، تنولی بیڈ شیٹس کی افتتاحی تقریب

اوگی (نامہ نگار) نیو فدا ماما پلازہ اوگی میں تنولی بیڈ شیٹ اینڈ یوز میٹرس کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ایوانِ تجارت اوگی کے عہدیداران، علما کرام، تاجر برادری اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی تقریب میں ایوانِ تجارت اوگی کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

محکموں کی غفلت، کیمیکل ملا دودھ دہی مہنگا فروخت ہونے لگا

شنکیاری اور گردونواح میں سینکڑوں دکانیں کھل گئی، کارروائی کا عوامی مطالبہ

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) محکمہ فوڈ کنٹرول اور محکمہ صحت مانسہرہ انتظامیہ کی غفلت اور لاپرواہی شنکیاری ہزارہ یونیورسٹی ڈھوڈیال اور گردونواح میں فارلین اور کیمیکل ملا دودھ دہی مہنگے داموں فروخت ہورہا ہے دودھ دہی والوں نے انت مچارکھی ہے شنکیاری اور گردونواح میں مضر صحت دودھ کی سینکڑوں دوکانیں گلی محلوں میں کھل گئی ہیں غیر معیاری دودھ دہی 250 روپے کلو سے 300 سو روپے کلو تک فروخت کیا جارہا ہے شنکیاری اور گردونواح میں پاؤڈر اور کیمیکل ملا کر گندے پانی سے دودھ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

پاسپورٹ دفاتر میں نقد فیس وصولی کا نظام یکم جولائی سے ختم

پاسپورٹ فیس صرف کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی قبول کی جائے گی، شہری گھر بیٹھے درخواست جمع کرواسکیں گے

ہری پور (اسپیشل رپورٹر) یکم جولائی 2026 سے تمام پاسپورٹ دفاتر میں نقد فیس وصولی کا نظام ختم کردیا جائے گا اور پاسپورٹ فیس ڈیجیٹل ذرائع سے ادا کرنی ہوگی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پاسپورٹ فیس صرف کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی قبول کی جائے گی اور اس حوالے سے جلد ہی پاسپورٹ موبائل ایپ متعارف کروائی جارہی ہے جس سے اندرون وبیرون (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

مانسہرہ، ٹی ایم او بفہ پکھل مظہر مظفر اعوان اور تحصیل افیسر (ریگولیشن) اعزاز خان کی ہدایت پر شنکیاری بازار بفہ ودیگر مقامات پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جارہا ہے

آج سے بلدیاتی نظام کے کونسلر، چیئرمین سابق ہوگئے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) آج سے ناکام ترین بلدیاتی نظام کے کونسلر چیئرمین سابق ہوگئے گزشتہ روز کے پی کے میں تاریخ کا پہلا ناکام ترین بلدیاتی نظام ختم ہوگیا گزشتہ روز کے پی کے میں فیز ٹو میں منتخب ہونے والے کونسلر چیئرمین اپنی مدت پوری کرنے کے بعد ختم ہوگئے اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

وائس آف بفہ ویلفیئر فاؤنڈیشن کا ساتواں سالانہ کوئز مقابلہ اختتام پذیر

فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام مسلسل ساتویں سال تعلیمی کوئز مقابلے منعقد کیے گئے

مانسہرہ) تحصیل رپورٹر (وائس آف بفہ ویلفیئر فانڈیشن کا ساتواں سالانہ کوئز مقابلہ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر۔ ہزارہ ڈویژن وائس آف بفہ ویلفیئر فانڈیشن کے زیر اہتمام مسلسل ساتویں سال تعلیمی کوئز مقابلے منعقد کیے گئے، جو اس بار پورے ہزارہ ڈویژن کی سطح تک وسیع ہو چکے ہیں۔ یہ علمی سفر چند سال قبل ایک اسکول سے شروع ہوا، پھر مقامی بعد ازاں ڈسٹرکٹ سطح تک پہنچا۔ اور الحمدللہ رواں سال ڈویژن بھر میں کامیابی سے پایہ تکمیل کو پہنچا۔ مقابلوں کا انعقاد نوجوان نسل میں علم، تحقیق، مطالعہ اور مثبت مسابقت کے رجحان کو فروغ دینے کی غرض سے کیا گیا۔ خصوصا طالبات کی تعلیمی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف شنکیاری میں بڑا کریک ڈاؤن

ٹریفک انچارج حاجی صدیق نے ٹریفک پولیس شنکیاری کے ہمراہ کارروائی کا آغاز کردیا

گلی باغ (نمائندہ خصوصی) زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف شنکیاری میں بڑا کریک ڈاؤن،، مسافروں کو فوری ریلیف ڈی پی او مانسہرہ اظہر خان کے خصوصی احکامات پر، ایس پی ٹریفک جہانزیب خان تنولی اور ڈی ایس پی ٹریفک ارشد خان کی ہدایات کے مطابق ٹریفک انچارج مانسہرہ انس خان کی زیر نگرانی ٹریفک انچارج شنکیاری حاجی صدیق نے ٹریفک پولیس شنکیاری کے ہمراہ زائد کرایہ وصول کرنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 58)

ایس پی ٹریفک مانسہرہ کا شنکیاری سرکل لائسنس برانچ کا دورہ

جہانزیب خان کی نگرانی میں ٹیسٹ لیا گیا آخر میں ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کی اپیل کی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کا شنکیاری سرکل لائسنس برانچ کا دورہ ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان نے لائسنس برانچ شنکیاری کا دورہ کیا، جہاں عوام کو مقامی سطح پر ڈرائیونگ لائسنس کی سہولت فراہم کی گئی۔ ان کی نگرانی میں ای ٹیسٹ اور عملی ڈرائیونگ ٹیسٹ لیا گیا۔ ڈرائیونگ اور اشاروں کے ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو ڈرائیونگ لائسنس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 57)

ضلع مانسہرہ شنکیاری وگردونواح گراں فروشوں کی من مانیاں

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) ضلع مانسہرہ شنکیاری اور گردونواح میں گراں فروشوں کی من مانیاں جاری اشیاء خوردونوش کے من مانے نرخ مقرر کررکھے ہیں کسی دکاندار کے پاس سرکاری ریٹ نامہ موجود نہیں ہے ہر دوکاندار کا اپنا نرخ مقرر ہے غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے ایل پی جی گیس سمیت تمام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 59)

ایوب ٹیچنگ ہسپتال میں جدید واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب

بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے ایوب ٹیچنگ ہسپتال انتظامیہ مسلسل کوشاں ہے

ایبٹ آباد (شمال نیوز) ایوب ٹیچنگ ہسپتال میں جدید واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب۔ ایوب ٹیچنگ ہسپتال میں عوام کو صاف اور معیاری پینے کے پانی کی فراہمی یقینی۔ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے ایوب ٹیچنگ ہسپتال انتظامیہ مسلسل کوشاں ہے۔ اسی سلسلے میں ہسپتال میں حال ہی میں جدید ترین واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کیے گئے ہیں جن سے روزانہ کی بنیاد پر مریض ان کے لواحقین، عملہ اور عام شہری مستفید ہو رہے ہیں۔ اس سے قبل ہسپتال میں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ واٹر فلٹریشن پلانٹس موجود نہیں تھے جس کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 60)

قاری محمد اشرف ہری پور کی وفات پر اظہار تعزیت

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) سینئر صحافی حاجی طارق حسین سواتی شنکیاری کے پھوپھی زاد بھائی قاری محمد اشرف ہری پور کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے محمد رفیق خان سواتی، سجاد احمد علی زمان مغل محمد ارشد خان سواتی اور دیگر نے مرحوم کی اچانک وفات پر دکھ افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لئے دعائے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 61)

عوامی خدمت کا جذبہ رکھتے ہوئے سیاست میں قدم رکھا ہے، رئیسہ خان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) عوامی خدمت کا جذبہ رکھتے ہوئے سیاست میں قدم رکھا ہے عوام کی خدمت اگر نیک نیتی سے کی جائے تو سیاست بھی عبادت ہے، ایڈووکیٹ رئیسہ خان سابق ممبر ضلع کونسل مانسہرہ نے کہا ہے کہ عوامی خدمت کا جذبہ رکھتے ہوئے سیاست میں حصہ لیا ہے اور بحیثیت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 64)

ضلعی انتظامیہ کی تحصیل حویلیاں میں سبزی فروش، دکانوں کا معائنہ

صارفین کے حقوق کے تحفظ سے متعلق اصولوں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ایبٹ آباد (شمال نیوز) ضلعی انتظامیہ کی تحصیل حویلیاں میں پیٹرول پمپس، سی این جی اسٹیشنز، میگا مارٹس اور سبزی فروش، دکانوں کا معائنہ۔ جرمانے عائد۔ گزشتہ روز ضلعی انتظامیہ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر II، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کنزیومر رائٹس پروٹیکشن فرحت فراز جدون نے حویلیاں میں پیٹرول پمپس، سی این جی اسٹیشنز، میگا مارٹس، سبزی فروش وسبزی کی دکانوں سمیت مختلف کاروباری مراکز اور دکانوں کا معائنہ کیا۔ معائنوں کے دوران متعلقہ قوانین، ضوابط اور صارفین کے حقوق کے تحفظ سے متعلق اصولوں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 63)

شنکیاری مانسہرہ میں مہنگائی کا جن آئے روز بوتل سے باہر آنے لگا

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) حکومت اور انتظامیہ کی عدم دلچسپی شنکیاری مانسہرہ میں مہنگائی کا جن آئے روز بوتل سے باہر آنے لگا محنت کش کی چیخیں نکل گئیں گزشتہ چند روز میں فارمی مرغی کی قیمتوں میں اچانک بڑا اضافہ 290 روپے کلو فروخت ہونے والی فارمی مرغی اچانک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 62)

طلائی زیورات کا نیلام

Ubank microfinance

مندرجہ ذیل نادہندہ/قانونی ورثا، بار بار یاددہانی کے باوجود اپنے زیورات چھڑوانے میں ناکام رہے ہیں۔ بذریعہ اشتہار ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنے زیورات بینک سے اشاعت اشتہار کے 10 یوم کے اندر اندر چھڑوالیں بصورت دیگر رہن رکھے گئے زیورات مورخہ 4 جولائی 2026 کو نیلام کردیے جائیں گے۔ مقررہ مدت کے بعد کوئی عذر قبول نہیں کیا جائیگا۔ نیلامی کا وقت صبح 11 بجے ہوگا۔

نام اور ولدیت	پتہ	نیلامی کی جگہ
مظہر علی ولد محمد ارشاد	گاؤں جب ضلع ہری پور	ہری پور اسلامک برانچ
محمد شیراز ولد محمد نواز	گاؤں ڈھیری سکندر پور ہری پور	ہری پور اسلامک برانچ
طلہ رستم ولد محمد رستم	گاؤں شاہ مقصود ضلع ہری پور	ہری پور اسلامک برانچ
ثاقب جاوید ولد جاوید	گاؤں پھرلہ تحصیل وضلع ہری پور	ہری پور اسلامک برانچ

منجانب: یو مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ

ہیڈ آفس: پی ٹی سی ایل بلڈنگ، ایوان صنعت وتجارت روڈ، G-8/4، اسلام آباد

051-111-282-265

(4) سرحد نیوز، شمال/ایبٹ آباد 8x2

عوامی شکایات پر مری روڈ پر تجاوزات کیخلاف آپریشن، ایک ہوٹل سیل

محمد طارق نے آئندہ سرکاری گزرگاہوں پر تجاوزات کیخلاف سخت ہدایات بھی جاری کیں

ایبٹ آباد (شمال نیوز) عوامی شکایات پر مری روڈ پر تجاوزات کیخلاف آپریشن، ایک ہوٹل سیل کر دیا گیا۔ گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر سرمد سلیم اکرم کی ہدایات پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر گلیات محمد طارق نے مری روڈ پر تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے عارضی شیڈز ہٹوا دیئے جبکہ آئندہ سرکاری گزرگاہوں پر تجاوزات کیخلاف سخت ہدایات بھی جاری کیں اسی طرح عوامی شکایات پر کارروائی کرتے ہوئے ہرنو میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 65)

مقام افسوس ہم دین اسلام کی تعلیمات سے دور ہوتے جارہے ہیں

دس محرم الحرام کے روزہ کی بڑی اہمیت ہے محرم کے دو روزے رکھے جائیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) محرم الحرام کے تقدس کو برقرار رکھا جائے دس محرم الحرام کے روزہ کی بڑی اہمیت ہے محرم کے دو روزے رکھے جائیں محرم الحرام حرمت والے چار مہینوں میں سے ہے اس کی فضیلت واقعہ کربلا سے بہت پہلے کی ہے نبی کریمؐ نے دس محرم کا روزہ رکھا اور بعد میں معلوم ہوا کہ دس محرم کو یہودی بھی روزہ رکھتے ہیں اس پر نبی کریمؐ نے فرمایا کہ آئندہ سال ہم دو روزے رکھیں گے تاکہ عبادت میں بھی ہماری مشابہت غیر مسلموں سے نہ ہو ہم نو اور دس یا دس گیارہ کا روزہ رکھیں گے نبی کریمؐ کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 66)

کرائے کم نہ کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف مانسہرہ انتظامیہ کی کاروائی

متعدد رگڑے میں آ گئے، چلان وجرمانے، کئی ٹرانسپورٹرز کو وارننگ، عوام نے خیر مقدم کیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) گاڑیوں کے کرائے کم نہ کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف مانسہرہ انتظامیہ کی کاروائی، متعدد رگڑے میں آ گئے، چلان و جرمانے، کئی ٹرانسپورٹرز کو وارننگ، مختلف حلقوں کا خیر مقدم، گراں فروش تاجروں کے خلاف بھی کاروائی عمل میں لائی جائے، شہری وعوامی حلقوں کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق پٹرول و (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس کا رورل ہیلتھ سینٹر داسو کا ماہانہ معائنہ

محمد اظہر خان نے ڈاکٹروں اور دیگر عملے سے ملاقات کی اور ان کی حاضری کا جائزہ لیا

کوہستان اپر (شمال نیوز) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) محمد اظہر خان نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) داسو کا ماہانہ معائنہ کیا۔ دورے کے دوران اے ڈی سی (فنانس اینڈ پلاننگ) نے ڈاکٹروں اور دیگر عملے سے ملاقات کی اور ان کی حاضری کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران ایک میڈیکل ٹیکنیشن اور ایک کلاس فور ملازم گزشتہ 30 دنوں سے غیر حاضر پائے گئے، جبکہ دیگر تمام ملازمین اپنی ڈیوٹی پر موجود تھے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

مانسہرہ، جماعت اسلامی کے رہنما محمد نواز ڈار نیاز پاشا جدون (مرحوم)'' کو صحافتی خدمات پر خراج تحسین پیش کررہے ہیں

گورنمنٹ گرلز مڈل سکول منڈا گچھہ کو اپ گریڈ کیا جائے

ہماری بچیوں کو آٹھویں کلاس کے بھی حصول تعلیم میں دشواری کا سامنا ہے، سردار محمد رفاقت

سانڈے سر (نمائندہ شمال) گورنمنٹ مڈل سکول منڈا گچھہ کو اپ گریڈ کیا جائے، سردار محمد رفاقت۔ ہماری بچیوں کو آٹھویں کلاس کے بعد حصول تعلیم کے لئے نواز آباد، جبوڑی اور شنکیاری جانا پڑتا ہے جس کے لئے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تفصیلات کے مطابق منڈا گچھہ جو کہ یوسی جبڑ دیلوی نواز آباد میں واقع ہے منڈا گچھہ اور اس کے مضافات کی ایک بڑی آبادی ہے اس پورے علاقہ میں گرلز کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

کھلابٹ، دفتری اور قوانین کے نفاذ کے لیے آئینی اور قانونی بنیاد موجود ہے

اس ضمن میں کسی قسم کی آئینی یا قانونی رکاوٹ حائل نہیں ہے، ماہر تعلیم غلام محمد

کھلابٹ (نامہ نگار) ممتاز ماہر تعلیم غلام محمد نے کہا ہے کہ پاکستان میں قومی اور علاقائی زبانوں میں تعلیم، دفتری نظام اور قوانین کے نفاذ کے لیے مضبوط آئینی اور قانونی بنیاد موجود ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی آئینی یا قانونی رکاوٹ حائل نہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 251 کے تحت اردو کو قومی زبان قرار دیا گیا ہے اور ریاست کو اس کے فروغ اور سرکاری امور میں استعمال کا پابند بنایا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اٹھارویں آئینی ترمیم کے بعد تعلیم اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

ہری پور، ایڈیشنل اے سی ریونیو کا جنرل سٹورز کا اچانک دورہ

اشیاء کی چیکنگ، صفائی ستھرائی اور وزن و پیمائش کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ہری پور (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ہری پور نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے مختلف علاقوں میں جنرل اسٹورز اور دودھ فروش دکانوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران سرکاری نرخ ناموں، اشیائے خوردونوش کے معیار، ایکسپائری تاریخ، صفائی ستھرائی اور وزن و پیمائش کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ حکام نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ سرکاری نرخ نامے نمایاں مقامات پر آویزاں کریں اور مقررہ قیمتوں پر اشیا کی فروخت کو یقینی بنائیں۔ دودھ فروش دکانوں پر دودھ کے معیار، سرکاری نرخوں اور صفائی کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر دکانداروں کو تنبیہ کی گئی کہ عوام کو معیاری اور خالص اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل کیا جائے۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

ہریپور میں مختلف مقامات پر مجالس اور ماتمی جلوسوں کا سلسلہ جاری

سات محرم الحرام کو شاہ محمد میں صفریز شاہ کے گھر مجلس عزا منعقد ہوئی

ہریپور (نمائندہ شمال) 7 محرم الحرام کو شاہ محمد میں صفریز شاہ کے گھر مجلس عزا منعقد ہوئی مجلس عزا کے بعد جلوس ذوالجناح وعلم حضرت غازی عباس علمدار علیہ السلام زیر اہتمام علی رضا شاہ یاسر شاہ امجد شاہ اور عدنان شاہ برآمد ہوا جو مختلف گھروں سے ہوتا ہوا سید شمشیر شاہ کے گھر اختتام پذیر ہوا جلوس میں مرکزی ماتمی دستہ ہزارہ ڈویژن۔ ماتمی دستہ مانکراے۔ ماتمی اکاظمیہ پنڈ ہاشم خان۔ مرکزی ماتمی دستہ ہریپور اور ماتمی دستہ باوا ستار شاہ ڈنگہ پل نے ماتم داری کی جلوس کے ہمراہ ڈی ایس پی سید عدون، ایچ او اعجاز خان، ایس ایچ او کھلابٹ ٹان شپ شفیق خان، بمہ پولیس نفری موقع پر موجود تھے اس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

حویلیاں، سیرت کمیٹی، اہلسنت والجماعت تحصیل حویلیاں کے ذمہ داران علمائے کرام سے ایس پی حویلیاں جمیل الرحمٰن قریشی میٹنگ کررہے ہیں

مانسہرہ نجی تعلیمی اداروں کا جون کے آخر میں والدین پر مالی بوجھ میں اضافہ

ماہ جون کے آخر میں والدین پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے کی تیاریاں جاری ہیں

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ سمیت گردونواح کے بعض بڑے اور نامور نجی سکولوں سمیت متعدد چھوٹے تعلیمی اداروں کی جانب سے جون کے آخر میں والدین پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے کی تیاریاں جاری۔ والدین کا اعلی حکام سے شنوائی کا مطالبہ۔ باخبر ذرائع کے مطابق سکول انتظامیہ معمول کی ماہانہ فیسوں کے ساتھ ساتھ "اینول فنڈ" کے نام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

آر ٹی اے اور ڈی سی مانسہرہ تمام روٹس کا کرایہ نامہ تعین کریں

ٹریفک پولیس صرف کرایوں پر ہی ڈرائیوروں سے الجھ رہی ہے، عوامی وسماجی حلقے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) آر ٹی اے اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کرایوں کا تعین کریں آئے روز ٹریفک پولیس صرف کرایوں پر ہی ڈرائیوروں سے الجھ رہی ہے عوامی وسماجی حلقوں نے کہا ہے کہ آر ٹی اے اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ ضلع مانسہرہ کے تمام روٹس کا کرایہ مقرر کرکے کرایہ نامہ جاری کریں تاکہ لوگوں کو ریلیف فراہم ہوسکے مانسہرہ کے تمام روٹس پر ابھی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

ایبٹ آباد میں ساتویں محرم الحرام کا روایتی جلوس اختتام پذیر

ایبٹ آباد (شمال نیوز) ایبٹ آباد میں ساتویں محرم الحرام کا روایتی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا پُرامن طور پر مرکزی امام بارگاہ میں اختتام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

طویل عرصہ صحابہ کرامؓ نے عقیدہ تحفظ ختم نبوت کا کام کیا ہے

محمد عربی گورب نہ کہوباقی جتنی بھی شان بیان کرسکتے ہوکرو، پیر دوست محمد قادری

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) محمد عربی گورب نہ کہوباقی جتنی بھی شان بیان کرسکتے ہوکرو 52 سال طویل عرصہ صحابہ کرامؓ نے عقیدہ ختم نبوت کا کام کیا ہے جب میدان عشر برپا ہوگا تو کعبہ شریف بھی شاہرہ ہجرت پر روانہ ہوجائے گا یعنی ہجرت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 52)

ایس پی ٹریفک مانسہرہ کی زائد کرایوں کے خلاف چیکنگ جاری

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کی ہدایات پر ڈی ایس پی ٹریفک ارشد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

بجنہ اغوا کی کوشش ناکام اہل علاقہ میں تشویش کارروائی کا مطالبہ

عینی شاہدین کے مطابق بچوں کے شور مچانے پر مبینہ ملزمان گھبرا گئے اور گاڑی کا رخ بجنہ کی جانب موڑ کر موقع سے فرار ہوگئے

مانسہرہ (چیف رپورٹر) بجنہ میں مبینہ اغوا کی کوشش ناکام، اہل علاقہ میں تشویش، پولیس سے فوری کارروائی کا مطالبہ بجنہ پکھل کے رہائشیوں نے علاقے میں بڑھتی ہوئی مشکوک سرگرمیوں اور مبینہ اغوا کی کوشش پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی پولیس حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 22 جون 2026 کو محمد شکیل ولد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

حویلیاں، ایوان تجارت ہزارہ ڈویژن کے صدر خورشید اعظم خان کا حویلیاں میں نوتعینات اسسٹنٹ کمشنر II اسامہ خان کے ہمراہ اپنی کابینہ سمیت گروپ فوٹو

ہریپور، ٹیکس کی نئی شرحوں کے اطلاق کے لئے تیاریاں شروع

سرکاری اداروں کو کرائے پر دی گئی جائیدادوں پر 10 فیصد ٹیکس وصول کیا جائے گا

ہری پور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس اور کرایہ پر دی گئی جائیدادوں پر نئے ٹیکس نظام کے نفاذ کے اعلان کے بعد ہری پور سمیت صوبے بھر میں یکم جولائی سے نئی شرحوں کے اطلاق کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق بینکوں، سرکاری اداروں، این جی اوز اور دیگر تجارتی مقاصد کے لیے کرائے یا لیز پر دی جانے والی جائیدادوں پر مختلف شرح سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 54)

پاکستان نے پوری دنیا میں امن کا پیغام پہنچایا، سید یوسف شاہ

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) بین الاقوامی سپر پاور آف امریکہ کے صدر ٹرمپ نے امریکہ ایران شانتی کا فقدان پاکستان کو بخشا اس پر پاکستانی عوام امریکی صدر ٹرمپ کو امن و سلامتی کا پیغام پیش (بقیہ صفحہ 3 نمبر 55)

کنگ عبداللہ ہسپتال ڈائلیسس یونٹ موت کا کنواں بن گیا انتظامیہ خاموش

گردوں کے مریضوں کو علاج کے بجائے ہسپتال انتظامیہ کی ناقص منصوبہ بندی، سہولیات کے فقدان اور مبینہ غفلت کی بھینٹ چڑھایا جارہا ہے

مانسہرہ /بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ کا ڈائلیسس یونٹ انسانی ہمدردی کے تمام تقاضوں کو پامال کرتے ہوئے مریضوں کے لیے عذابِ مسلسل بن چکا ہے۔ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا گردوں کے مریضوں کو علاج کے بجائے ہسپتال انتظامیہ کی ناقص منصوبہ بندی، سہولیات کے فقدان اور مبینہ غفلت کی بھینٹ چڑھایا جا رہا ہے۔ متاثرہ خاندانوں کے مطابق ہسپتال کا ڈائلیسس یونٹ ایک اذیت کدہ بن چکا ہے جہاں گھنٹوں کی قطاروں کے بعد بھی مریضوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 56)

مون سون احتیاطی تدابیر

کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد

آئیں! احتیاط کریں، محفوظ رہیں

خبردار!

بے احتیاطی جان ومال کے نقصان کا سبب بن سکتی ہے

شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال میں جان ومال کے تحفظ کیلئے درج ذیل احتیاطی تدابیر پر عمل کریں

شہریوں کیلئے احتیاطی تدابیر

کسی بھی سفر سے قبل موسمی حالات سے متعلق تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔

سفر کے دوران ضروری اشیاء ابتدائی طبی امداد کا سامان اور ادویات اپنے ساتھ رکھیں۔

گاڑی آہستگی سے چلائیں اور محفوظ فاصلہ برقرار رکھیں

شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال سے غیر ضروری سفر سے گریز کریں

کچرا نالوں اور نالیوں میں نہ ڈالیں۔

سیلابی یا ہنگامی صورتحال میں عمومی ہدایات

متعلقہ اداروں کی ہدایات پر عمل کریں اور افواہوں پر توجہ نہ دیں۔

کمزور مکانات، دیواروں اور خستہ حال ڈھانچوں سے دور رہیں۔

بچوں، بزرگوں اور مریضوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کریں

پانی میں کھڑے درختوں یا کمزور عمارتوں کے قریب نہ جائیں۔

برقی کھمبوں، بجلی کی تاروں اور دیگر برقی تنصیبات سے فاصلہ رکھیں۔

ندی نالوں اور پہاڑی برساتی گزرگاہوں سے دور رہیں

سیلاب یا کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو 1122 سے رابطہ کریں

طبعی امداد کیلئے

طبی امداد کی ضرورت کی صورت میں قریبی صحت مرکز سے فوری رابطہ کریں

احتیاط کریں محفوظ رہیں

آپ کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔

شکایات اور معلومات کیلئے رابطہ

0311-2405111

www.facebook.com/CBA.ATD

موبائل ایپ (CBA Care)

کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد